مُناجاتِ مقبُول

مرتبہ

حکیم الامت حضرت مولٰینا اشرفعلی

دارالقرآن۔ حسین آگاہی۔ ملتان شہر (پاکستان)

أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي

مناجات مقبول

یعنی

قربات عند الله وصلوات الرسول

مرتبہ

حکیم الامت حضرت مولینا محمد اشرف علی تھانوی

ناشر

دار القرآن حسین آگاہی ملتان شہر

قیمت ۱۲ /

فہرست مضامین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ الدُّعَاءَ لِرَدِّ الْقَضَاءِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ عَلَّمَنَا مَا نَتَّقِیْ بِہِ الْبَلَاءَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہِ الْھَادِیْنَ اِلٰی مَا نَخْرُجُ بِہٖ عَنْ کُلِّ عَنَاءٍ وَعَلٰی عُلَمَاءِ اُمَّتِہٖ وَاَوْلِیَاءِ زُمْرَتِہِ الَّذِیْنَ بَذَلُوْا جُھْدَھُمْ فِیْ جَمِیْعِ اَسْبَابِ الشِّفَاءِ عَنْ کُلِّ دَاءٍ اَمَّا بَعْدُ کوئی شخص ایسا نہ ہوگا جس کو ہر قسم کی صلاح و فلاح کی ضرورت نہ ہو اسی لیے اللہ تعالیٰ نے دارین کے فلاح و صلاح کے واسطے اسباب منتشرہ و ابواب متعددہ موضوع یاد فرمادئے کہ اہل حاجت ان سے مدد لیں۔ اور عقبات و مہالک سے نجات پائیں۔ ان اسباب مذکورہ میں سے بجز دعا کے جتنے اسباب ہیں اُن کے مسببات خاص خاص امور ہیں چنانچہ اسباب طبعیہ کا مثل زراعت و تجارت و طبابت کے اصلی مقصود فلاح دنیوی بنایا گیا ہے۔ گو بواسطہ معین دین بھی ہو اور اسباب شرعیہ کا مثل صوم و صلوۃ و حج کے مقصود بالذات فلاح دینی

ٹھیرایا گیا ہے۔ گو بالغرض نافع دنیا بھی ہو مگر صرف دعا ایک ایسی چیز ہے کہ فلاح دین و فلاح دنیا دونوں کے لئے بالمساواۃ ایک مرتبہ میں مشروع و موضوع ہے جس سے بوجہ اس جامعیت کے اس کی وقعت و عظمت ظاہر و باہر ہے اسلئے قرآن مجید و حدیث شریف میں نہایت درجہ اس کی ترغیب و فضیلت و تاکید جابجا وارد ہے چنانچہ ارشاد فرمایا ہے اللہ تعالےٰ نے دعا کرو مجھ سے میں قبول کرونگا اور ارشاد فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے "بڑی عبادت تو دعا ہے" اور فرمایا جس شخص کو دعا کی توفیق ہو گئی اس کے لئے قبولیت کے دروازے کھل گئے اور ایک روایت میں ہے کہ جنت کے دروازے کھل گئے اور ایک روایت میں ہے کہ رحمت کے دروازے کھل گئے اور فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز نہیں مانگی گئی جو عافیت کے مانگنے سے زیادہ محبوب ہو" اس سے معلوم ہوا کہ دنیوی حوائج مانگنے کا بھی حکم ہے اور ارشاد فرمایا کہ "قضا کو صرف دعا ہٹا دیتی ہے" اور ارشاد فرمایا کہ "احتیاط و تدبیر سے تقدیر نہیں ٹلتی" اور دعا نازل شدہ بلا سے بھی نافع ہے اور اس بلا سے جو ابھی نازل نہیں ہوئی اور کبھی بلا نازل ہوتی ہے اور ادھر سے دعا پہنچ کر اس سے ملتی ہے اور دونوں میں قیامت تک کشتی ہوتی رہتی ہے اس سے معلوم ہوا کہ دعا تمام تر تدبیروں اور احتیاطوں سے بڑھ کر مفید ہے

اور یہ بھی معلوم ہوا کہ قبل مصیبت بھی دعا کرتا رہے۔ اس کی برکت سے مصیبت نہیں آتی۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ کبھی قبولیت کی یہ بھی شکل ہوتی ہے کہ اُس کی وجہ سے کوئی بلا ٹل جاتی ہے پس دعا کر کے خواہ قبول ہونا معلوم ہو یا نہ ہو بدگمان نہ ہونا چاہیئے اور ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالےٰ کے نزدیک دعا سے زیادہ کوئی چیز قدر و منزلت کی نہیں۔ اور ارشاد فرمایا جس کو یہ بات پسند ہو کہ اللہ تعالیٰ سختیوں کے وقت اُس کی دعا قبول فرمالیا کریں اُس کو چاہیئے کہ خوش عیشی کے وقت کثرت سے دعا مانگا کرے اس سے معلوم ہوا کہ بلا مصیبت کے دعا مانگنے کا اثر مصیبت کے وقت مانگنے میں ہوتا ہے اور ارشاد فرمایا کہ دعا میں ہمت نہ ہارو۔ کیونکہ دعا کرتے ہوئے کوئی ضائع نہیں ہوتا اور ارشاد فرمایا کہ دُعا مسلمان کا ہتھیار ہے اور دین کا ستون ہے اور آسمان و زمین کا نور ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک بلا زدہ قوم پر گذر ہوا آپ نے ارشاد فرمایا کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ سے عافیت کیوں نہیں مانگتے اور ارشاد فرمایا کہ کوئی ایسا مسلمان نہیں جو دعا میں اٹھ جائے اور پھر اُس کو عطا نہ ہو خواہ سر دست اس کو دے دیں یا آئندہ کے لئے جمع کر دیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ دعا قبول تو ضرور ہوتی ہے مگر صورتیں اُس کی مختلف ہیں کبھی وہی چیز مل جاتی ہے اور کبھی اس

کے لئے جمع ہو جاتا ہے۔ اور اوپر معلوم ہو چکا ہے کہ کبھی اُسکی برکت
سے بلا ٹل جاتی ہے غرض اُس دربار میں ہاتھ پسارنے سے کچھ نہ کچھ
مل کر رہتا ہے۔ لیکن باوجود اس کے دیکھا جاتا ہے کہ اکثر لوگوں
کو عوام تو کیا بہت سے خواص کو بھی اس سے محض بے رغبتی و بے
توجہی ہے حتیٰ کہ جو معمولی اوقات دعاء کے ہیں جیسے نماز پنجگانہ اُن میں
بھی بجز آموختہ سا پڑھ دینے کے اصلا الحاح یا دلچسپی کا اثر تک نہیں
پایا جاتا۔ اور یہ سمجھ کر دعا کرنے کا تو ذکر ہی کیا کہ یہ عرضداشت اللہ تعالیٰ
کی جناب پاک میں پیش کر دینا اور بار بار درخواست گذراننا کامیابی
کا ایک مؤثر اور اعلیٰ درجہ کا طریقہ ہے جس طرح اپنے بعض حوائج کیلئے
دنیا کے امراء و حکام سے بار بار التجا کرنا اپنے مطلب برآری کا قوی ذریعہ
سمجھا جاتا ہے اور تکرار عرض و معروض سے روزانہ امیدیں اور اُمنگیں
اُبھرتی اور تازہ ہوتی ہیں۔ اگر کوئی بڑی ہی مصیبت پڑتی ہے اور
ہاتھ پاؤں مارنے سے کچھ کام نہیں چلتا تب بہ مجبوری کسی ایک آدھ
کو شاذ و نادر اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ ہوتی ہے وہ بھی دعاء کے ساتھ نہیں
بلکہ بڑی دوڑ یہ ہوتی ہے کہ کوئی وظیفہ عمل عزیمت شروع کر دیا۔ خواہ
شرع کے موافق ہو یا مخالف اور اگر کسی نے بڑی احتیاط کی اور موافقت
شرع کا بھی لحاظ کر لیا تب بھی ان اعمال میں وہ برکت کہاں جو اللہ و

رسول کی تعلیم فرمودہ دعاؤں میں ہے غرض مقدمہ دعا میں چند کوتاہیاں واقع ہو رہی ہیں۔ اوّل بدون آڑے وقت کے دعا کی طرف توجہ نہ ہونا۔ دوم ایسے وقت میں بھی اللہ و رسول کی بتلائی ہوئی دعائیں چھوڑ کر نئے نئے وظائف پڑھنا سوم بدشوقی و بے رغبتی سے دعا کرنا اور جی نہ لگانا۔ چہارم قبولیت کا یقین اور امنگ نہ ہونا پنجم جلدی اور تقاضا مچانا اور ذرا توقف ہو جائے تو تنگ ہو کر چھوڑ دینا۔ ان کوتاہیوں کے تدارک کرنے کے لئے بمقتضائے مصلحت و ضرورت وقت مناسب معلوم ہوا کہ جو جامع دعائیں قرآن و حدیث میں وارد ہیں ان کو جمع کر دیا جائے کیونکہ ان کو دوسری دعاؤں پر بچند وجوہ ترجیح ہے اوّل یہ کہ جب خود حاکم مضمون عرضی کا بتلا دیتا ہے تو اُس کی منظوری میں پھر کوئی تردد نہیں رہتا اسی طرح جو دعائیں اللہ تعالےٰ بواسطہ وحی جلی یا خفی خود تعلیم فرمائیں تو بلاشک اقرب الی الاجابۃ ہیں دوسرے ان میں جس قدر دینی و دنیوی ضرورتوں کی رعایت کی گئی ہے اگر ہم لوگ قیامت تک بھی سوچیں تو ممکن نہیں کہ ایسے جامع مضامین

ل ہرچند بعض ادعیہ ان میں احادیث موقوفہ سے لی گئی ہیں مگر صحابہؓ جو بلا واسطہ سرکار نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے تربیت پاتے ہوئے ہیں ان کی دعاؤں میں قریب قریب ایسی ہی برکت ہے اور وہ مضامین گویا حضور ہی کے مضامین ہیں ۱۲ منہ دامت برکاتہ

تجویز کر سکیں نیمسر ہے بعض اوقات مضمون دعائیں سوء ادب ہو جاتا ہے
جس سے وہ دعا الٹی وبال جان ہو جاتی ہے جس طرح کسی صحابیؓ
نے صبر کی دعا کی تھی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ تم نے
بلا کی درخواست کی - ایک صحابیؓ نے دعا کی تھی کہ جتنا عذاب مجھ کو
آخرت میں ہونا ہو وہ سب یہیں ہو جائے اور آپ نے تنبیہ فرمائی تھی
یا کسی صحابیؓ زادہ نے جنت کے داہنے جانب کو شک سفید دعا میں
مانگا تھا اور اُن کے والد نے اصلاح فرمائی تھی - غرض اپنی رائے اور
قیاس سے مضمون معین کرنے سے اس قسم کا احتمال اس میں رہتا ہے
اور جو دعائیں منصوص ہیں وہ ان خدشات سے منزہ و مبرا ہیں افضل
واکمل طریقہ یہی ہے کہ وہ دعائیں بعینہٖ اُن ہی الفاظ سے پڑھی جائیں
جس طرح منقول ہیں - اور مجموعہ ہذا میں صرف اصل دعائیں ہی
شامل ہیں اس خیال سے کہ کسی کو کسی دعا کے ترجمہ دیکھنے کا شوق
ہو یا کسی ترجمہ کی اصل دیکھنے کو جی چاہے اصل اور ترجمہ پر موافق
اُس کے نمبر لگا دیئے گئے تا کہ تطبیق میں تکلف نہ ہو بغرض مداومت
ان دعاؤں کو موافق عدد ایام ہفتہ کے سات حصوں پر منقسم کر دیا جائے
تا کہ اس کا ایک حصہ روزانہ بطور وظیفہ پڑھ لیا کریں اور روزانہ ختم کر
لینا اپنی ہمت ہے یہ رسالہ اس قابل ہے کہ سفر و حضر میں ہمراہ رہے

اور بلاناغہ اس کا وظیفہ مقرر کر لیا جائے۔ جامع اصل اور تتمہ کا یہ راقم ہے اور مترجم وناظم اس کے مشفقی ومخلصی جامع کمالات علمی وعملی مولوی عبدالواسع مرحوم سعدپوری ورھبنگوی ہیں پھر بعد چندے جناب قاضی محمد علی صاحب کالپوی کی تحریک سے مشفقی محبی جناب مولوی محمد مصطفٰے صاحب بجنوری نے اصل دعاؤں اور تتمہ کا ترجمہ اضافہ فرمایا اور حواشی ترجمہ میں آیات دعائیہ کے فضائل بھی لکھ دیئے اور اب پانچویں مرتبہ چند احباب کے اصرار سے حزب البحر کا اضافہ جدید کیا گیا ہے ۔

اشرف علی

خطبہ

قربات عند اللہ وصلوات الرسول

ان دعاؤں کے ورد کا انسب طریقہ یہ ہے کہ ہر منزل کے ساتھ اول خطبہ ذیل پڑہیں اور شنبہ سے شروع کرکے ہر روز ایک دعا ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کیا کریں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

نَحۡمَدُكَ يَا خَيۡرَ مَاْمُوۡلٍ ۞ وَاَكۡرَمَ مَسۡئُوۡلٍ عَلٰى

حمد کرتے ہیں ہم تیری اے بہتر انکے جن سے امید کی جائے اور سخی تر انکے جن سے سوال کیا جائے

مَا عَلَّمۡتَنَا مِنَ الۡمُنَاجَاةِ الۡمَقۡبُوۡلِ ۞ مِنۡ قُرُبَاتٍ

اس پر کہ سکھائی تو نے ہمیں مناجات مقبول کہ وہ موجب قربت ہے

عِنۡدَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوۡلِ ۞ فَصَلِّ عَلَيۡهِ

اللہ تعالیٰ کے یہاں اور دعائیں ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ تو رحمت کاملہ بھیج آپ پر

مَا اخۡتَلَفَ الدَّبُوۡرُ وَالۡقَبُوۡلُ ۞ وَانۡشَعَبَتِ

جب تک کہ چلے پچھوا اور پوروا اور نکلیں

الۡفُرُوۡعُ مِنَ الۡاُصُوۡلِ ۞ ثُمَّ نَسۡئَلُكَ بِمَا

شاخیں جڑوں سے بعد ازیں مانگتے ہیں ہم تجھ سے وہ

سَنَقُوۡلُ ۞ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنۡكَ الۡقَبُوۡلُ

جو آگے کہتے ہیں۔ اور ہمارا کام سوال ہے اور تیرا کام قبول

اَلْمَنْزِلُ الْاَوَّلُ یَوْمُ السَّبْتِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رَبَّنَآ[۱] اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً
وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا
وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝[۲]
رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج
رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَہٗ عَلَی
الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَۃَ
لَنَا بِہٖ ج وَاعْفُ عَنَّا قف وَاغْفِرْ لَنَا قف وَارْحَمْنَا
اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝

---

[۱] سورہ بقرہ (پ۲ ع ۲۵) اس کی فضیلت خدا تعالیٰ نے خود بیان فرمائی ہے ۱۲

[۲] سورہ بقرہ (پ۲ ع ۳۴) اس دعا کی بدولت قوم طالوت نے باوجود قلت کے فتح پائی ۱۲

منزل اوّل بروز شنبہ (تتمہ)

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

[۱] اے رب ہمارے دے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی اور بچا
ہمیں دوزخ کے عذاب سے [۲] اے رب ہمارے ڈال دے ہم پر صبر
اور جما ہمارے قدم اور غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر ۔
[۳] اے رب ہمارے نہ پکڑ ہم کو اگر بھول جائیں یا چوک جائیں۔
اے رب ہمارے اور نہ رکھ ہم پر بوجھ بھاری جیسا کہ رکھا تھا ہم سے پہلے
لوگوں پر اے رب ہمارے اور نہ اٹھا ہم سے وہ چیز جس کی طاقت
ہم کو نہیں اور در گذر کر ہم سے اور بخش دے ہمیں اور رحم کر ہم پر
تو ہی ہمارا مالک ہے تو غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر

[۳] سورہ بقرہ (پ ۳ ع ۱۴) یہ دعا بھی خدا تعالے خود تعلیم فرماتی ہے ۱۲

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا

مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ج اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا

عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ج

سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ

تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ

مِنْ اَنْصَارٍ ○ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ

لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا قلے

رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا

وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ○ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى

۱؎ (پ ۳ ع ۱) یہ دعا بھی خدائے تعالیٰ نے خود تعلیم فرمائی ہے ۱۲

اے رب ہمارے نہ پھیر ہمارے دل بعد ہدایت کرنیکے اور دے

ہمیں اپنے پاس سے ایک رحمت کہ بیشک تو ہی دینے والا ہے

اے رب ہمارے ہم ایمان لائے ہیں پس بخش دے ہمارے گناہ اور بچا ہمکو

دوزخ کے عذاب سے۔ اے رب ہمارے تو نے یہ عبث نہیں پیدا کیا

تو پاک ہے پس بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔ اے رب ہمارے تو جسے

دوزخ میں ڈالے تو ضرور اُسے رسوا کردیا اور سیاہ کاروں کا کوئی

ساتھی نہیں۔ اے رب ہمارے ہم نے ایک پکارنے والے کو ایمان کیلئے

پکارتے ہوئے سُنا کہ اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ سو ہم ایمان لے آئے

اے رب ہمارے اب ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیوں کو اُتار دے

اور ہمارا نیکوں کے ساتھ خاتمہ کر۔ اے رب ہمارے اور دے ہمیں جو اپنے رسولوں کی

۱؎ آل عمران رکوع ۱۲، اسکے پڑھنے والوں کی خدا تعالیٰ نے تعریف فرمائی ہے۔

رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

الْمِيْعَادَ ۝[1] رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا ٚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا

وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝[2] رَبَّنَا اَفْرِغْ

عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ۝[3] اَنْتَ وَلِيُّنَا

فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ۝[4]

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَجِّنَا

بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝[5] فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ج تَوَفَّنِیْ

مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝[6] رَبِّ اجْعَلْنِیْ

---

[1] آل عمران (پ ۴ ع ۲۰) اسکے پڑھنے والوں کی بھی تعریف حق تعالیٰ نے فرمائی ہے اور اجابت کا وعدہ کیا ہے [2] اعراف پ ۸ ع ۹ اسکی بدولت آدم علیہ السلام کو معافی ملی [3] اعراف (پ ۹ ع ۴) یہ ساحران فرعون کی دعا ہے [4] اعراف (پ ۹ ع ۷) [5] یونس (پ ۱۱ ع ۱۴) اسکی بدولت

معرفت تو نے ہم سے وعدہ کیا اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کر کہ تو وعدہ

کو خلاف نہیں کرتا ؂ اے رب ہمارے ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی کی اور اگر تو ہمیں نہ

بخشے گا اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو ہم نامرادوں میں سے ہو جاوینگے ؂ اے رب ہمارے

ہم پر صبر ڈال دے اور مسلمان کر کے موت دے ؂ تو ہی ہے ہمارا مددگار

پس بخش دے ہم کو اور رحم کر ہم پر اور تو سب سے اچھا بخشنے والا ہے ؂

اے رب ہمارے نہ کیجیو ہمیں ستم سہنے والا ظالم لوگوں کا۔ اور چھڑا لے

ہمیں اپنی رحمت سے کافر لوگوں سے ؂ اے پیدا کرنیوالے آسمانوں

اور زمینوں کے تو ہی ہے رفیق میرا دنیا اور آخرت میں اٹھانا مجھکو

مسلمان اور شامل کرنا مجھے نیکوں کے ساتھ ؂ اے رب میرے کر دے

؎ ہمراہیان موسیٰ علیہ السلام جنہوں نے باری تعالیٰ کو دیکھنا چاہا تھا مرنے کے بعد زندہ ہوئے

؎ یونس رپ ۱۱ ع ۹) اسکی بدولت بنی اسرائیل فرعون کے پنجہ سے چھوٹے ۱۲ ؎ یوسف رپ ۱۲

ع ۵) یوسف علیہ السلام کی آخری دعا ہے آپنے تمام جاہ و حشمت پر خاتمہ بالخیر ہونے کو ترجیح دی ۱۲

مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ

رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ

الْحِسَابُ [۱۱] ؁ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِیْ صَغِیْرًا [۱۲]

رَبِّ [۱۳] اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ

صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ؁

رَبَّنَا [۱۴] اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَیِّئْ لَنَا مِنْ

اَمْرِنَا رَشَدًا [۱۵] ؁ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ؁

وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ ؁ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ؁

یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ؁ رَبِّ [۱۶] زِدْنِیْ عِلْمًا ؁ [۱۷] اَنِّیْ مَسَّنِیَ

---

[۱۱] سورہ ابراہیم (پ۱۳ ع ۱۸) یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے۔

[۱۲] بنی اسرائیل (پ۱۵ ع ۳) حق تعالیٰ نے اس دعا کا حکم فرمایا ہے۔

[۱۳] بنی اسرائیل (پ۱۵ ع ۳) حق تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا سکھائی ۱۲

مجھے نماز درست رکھنے والا اور میری نسل کو بھی۔ اے رب ہمارے اور میری دعا قبول کر

اے رب ہمارے بخشنا مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور تمام مومنین کو جس دن

حساب قائم ہو[۱۲]۔ اے رب رحم کر میرے والدین پر جیسا انہوں نے مجھے چھوٹے کو پالا۔

[۱۳] اے رب میرے اتار لے جا مجھے لیجانا صاف اور نکال مجھے نکالنا صاف

اور تجویز کر میرے لئے اپنے پاس سے ایک قوت مدد دینے والی۔

[۱۴] اے رب ہمارے دے ہمیں اپنے پاس سے ایک رحمت اور سامان کر دے

ہمارے لئے کام میں درستی کا۔ [۱۵] اے رب میرے کھول دے سینہ میرا

اور آسان کر مجھ پر میرا کام اور کھول دے گنجلک میری زبان سے

کہ میری بات کو سمجھ لیں۔ [۱۶] اے رب میرے بڑھا مجھے علم میں۔ [۱۷] مجھے لگ گئی ہے

---

[۱۴] کہف (پ ۱۵ ع ۱) یہ اصحاب کہف کی دعا ہے ۱۲

[۱۵] طٰہٰ (پ ۱۶ ع ۱۱) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے ۱۲

[۱۶] طٰہٰ (پ ۱۶ ع ۱۵) حق تعالیٰ نے اس دعا کا حکم فرمایا ہے ۱۲

الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ [١٨] رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ

فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ [١٩] رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا

مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝ [٢٠] رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ

مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۝ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ

اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝ [٢١] رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا

وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ [٢٢] رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا

عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝

[٢٣] رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ

وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ [٢٤] رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ

---

[١٨] انبیاء پ ١٧ ع ٦

[١٩] انبیاء پ ١٧ ع ٦ حضرت زکریا علیہ السلام نے اسکی بدولت سو برس کی عمر میں فرزند پایا ١٢

[٢٠] مؤمنون پ ١٨ ع ٢ حضرت نوح علیہ السلام نے کشتی میں سوار ہو کر یہ دعا مانگی ١٢

بیماری، اور تو سب سے بڑا مہربان ہے[۱۸] ۞ اے رب میرے نہ چھوڑ مجھے

اکیلا اور تو سب سے اچھا وارث ہے[۱۹] ۞ اے رب اُتار مجھے مبارک

جگہ میں اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے[۲۰] ۞ اے رب میں پناہ چاہتا ہوں

تیری شیطانوں کی چھیڑ سے۔ اور پناہ چاہتا ہوں تیری اے رب

اس سے کہ وہ میرے پاس آئیں[۲۱] ۞ اے رب ہم ایمان لائے تو بخشدے ہمیں اور رحم کر

ہم پر اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے[۲۲] ۞ اے رب ہمارے ٹال دے

ہم سے دوزخ کا عذاب کہ اس کا عذاب گلو گیر ہے[۲۳] ۞

اے رب ہمارے دے ہماری بیبیوں اور اولاد کیطرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک

اور کر دے ہمیں پرہیزگاروں کا مقتدا[۲۴] ۞ اے رب مجھے نصیب کر کہ

---

۲۲ مومنون (پ ۱۸ ع ۶) یہ دعا بھی خدا تعالیٰ نے خود سکھلائی ۱۲

۲۳ مومنون (پ ۱۸ ع ۶) اسکے پڑھنے والوں کی فضیلت بیان فرمائی ۱۲

۲۴ فرقان (پ ۱۹ ع ۴) حق تعالیٰ نے ان دونوں دعاؤں کو اپنے خاص بندوں کی دعا فرمایا ۱۲

أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ

وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَأَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ

فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ ۲۵ رَبِّ إِنِّيْ لِمَا أَنْزَلْتَ

إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ۝ ۲۶ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ

الْمُفْسِدِيْنَ ۝ ۲۷ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّ

عِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ

وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ

جَنّٰتِ عَدْنِ الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ

مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ إِنَّكَ

أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ

---

۲۵ نمل (پ ۱۹ ع ۱۰) حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا ہے اغنیا کے مناسب ہے ۱۲

۲۶ قصص (پ ۲۰ ع ۶) حضرت موسیٰ علیہ السلام بحالت بے سروسامانی مکہ چھوڑ کر حضرت شعیب علیہ السلام کے مہمان ہوئے ۱۲

شکر کروں تیرے احسان کا جو تو نے کیا مجھ پر اور میرے ماں باپ پر
اور یہ کہ کروں نیک کام جو تو پسند کرے اور داخل کر دے مجھے اپنی رحمت سے
اپنے نیک بندوں میں ﴿۲۵﴾ اے رب میں اس بھلائی کا جو تو میری
طرف اتارے محتاج ہوں ﴿۲۶﴾ اے رب غالب کر مجھے مفسد
لوگوں پر ﴿۲۷﴾ اے رب ہمارے محیط ہوا ہے ہر چیز کو تیرا رحم اور
علم تو بخش دے ان لوگوں کو جنہوں نے توبہ کی اور تیری راہ پر چلے
اور بچا انہیں دوزخ کے عذاب سے۔ اے رب ہمارے اور داخل کر
انہیں ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور جو کوئی
نیک ہو ان کے آباؤ اجداد اور ان کی بیبیوں اور ان کی اولاد میں سے
کیونکہ تو ہی ہے زبردست حکمت والا اور بچا ان کو خرابیوں سے

۲۷ عنکبوت (پ ۲۰ ع ۱۵) یہ حضرت لوط علیہ السلام کی دعا ہے
۲۸ مومن (پ ۲۴ ع ۶) یہ دعائیں فرشتے مسلمانوں کیلئے مانگتے ہیں الی قولہ الفوز العظیم

وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ط
وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ ٢٨ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ج
اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ ٢٩ اَنِّيْ
مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝ ٣٠ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا
الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا
غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ ٣١
رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ
الْمَصِيْرُ ۝ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا
وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ج اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ٣٢
رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ج اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ

---

۲۸ مومن (پ ۲۴ ع ۶)، ۲۹ احقاف (پ ۲۶ ع ۲)
۳۰ سورہ قمر (پ ۲۷ ع ۸)، یہ دعا حضرت ابوبکر صدیقؓ عنہ کی ہے بطور مدح کے حق تعالیٰ نے نقل فرمائی ہے

اور جس کو تو خرابیوں سے اُس دن بچالے تو اُس پر تو نے رحم کیا

اور یہی تو ہے بڑی کامیابی[۲۸] اور صلاحیت دے میری اولاد میں

میں نے تیری طرف رجوع کیا اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں[۲۹] میں

ہارا ہوا ہوں پس تو میرا بدلا لے لے[۳۰] اے رب ہمارے بخشدے ہمیں اور ہمارے

اُن بھائیوں کو جو ہم سے آگے پہونچے ایمان میں اور نہ کر ہمارے دلوں میں

کدورت ایمان والوں کے ساتھ اے رب ہمارے تو بہت مہربان رحم والا ہے[۳۱]

اے رب ہمارے تجھی پر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف ہم رجوع ہوئے

اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔ اے رب ہمارے نہ کر ہمیں ستم کش کافروں کا

اور بخش دے ہمیں اے رب ہمارے کیونکہ تو ہی زبردست حکمت والا ہے[۳۲]

اے رب ہمارے کامل کر دے ہمارے لئے ہمارا نور اور بخش دے ہمیں کیونکہ تو

---

۳۱ حشر (پ ۲۸ ع ۲) یہ دعا متاخرین اس اُمت کو حق تعالےٰ نے سکھائی ۱۲

۳۲ ممتحنہ (پ ۲۸ ع ۷) یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آپ کی اُمت کی دعائیں ہیں۔

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۞ رَبِّ [٣٣] اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ

دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ط

اَللّٰهُمَّ [٣٤] اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَآءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ

قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ

وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ۞ [٣٥] اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَ

زَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا ۞ [٣٦]

اِنَّا نَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَاَلَكَ مِنْهُ

نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۞ [٣٧] اِنَّا نَسْاَلُكَ

عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَمُنْجِيَاتِ اَمْرِكَ وَالسَّلَامَةَ

---

[١] تحریم (پ ٢٨ ع ٢٠) اسکے پڑھنے والوں کو قیامت کے میدان میں نور عنایت ہوگا۔

[٢] نوح (پ ٢٩ ع ١) یہ حضرت نوح علیہ السلام کی دعا ہے ١٢ [٣] رواہ الجماعۃ عن عائشۃ رض وحرا

ہر چیز پر قادر ہے[۳۳] اے رب بخش دے مجھے اور میرے ماں باپ کو اور جو
میرے گھر میں ایماندار ہو کر آئے اور تمام ایماندار مردوں اور عورتوں کو
یا اللہ[۳۴] دھو دے گناہ میرے برف اور اولے کے پانی سے اور پاک کر دے
میرے دل کو گناہوں سے جیسا کہ سفید کپڑا میل سے صاف کیا جاتا ہے
اور مجھ میں اور میرے گناہوں میں ایسا فصل کر دے جیسا
مشرق اور مغرب میں تو نے فصل کیا ہے[۳۵] یا اللہ دے میرے نفس کو
اسکی پرہیزگاری اور پاک کر دے اسے تو ہی سب سے بہتر اسکو پاک کرنیوالا ہے
تو ہی مالک اسکا اور آقا اسکا ہے ہم مانگتے ہیں تجھ سے وہ سب بھلائیاں
جو مانگی ہیں تجھ سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے[۳۶] ہم مانگتے ہیں تجھ سے
تیری مغفرت کے اسباب اور نجات دینے والے کام اور بچا رہنا

۴ بخاری ومسلم وترمذی ونسائی وابن ابی شیبۃ عن زید بن ارقم (حص وحر)

۵ ترمذی عن ابی امامۃ (حص وحر) اس سے بڑھ کر جامع دعا نہیں ہو سکتی۔

مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَّالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ
وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ۝ [٣٨] اَسْأَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا ۝ [٣٩] اَللّٰهُمَّ
اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَخَطَئِيْ وَعَمْدِيْ ۝ [٤٠] اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ
خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَاِسْرَافِيْ فِيْ اَمْرِيْ وَمَا اَنْتَ
اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ ۝ [٤١] اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ جِدِّيْ وَ
هَزْلِيْ ۝ [٤٢] اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ
قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ ۝ [٤٣] اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ ۝ [٤٤]
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ
وَالْغِنٰى ۝ [٤٥] اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ

---

[١] حاکم عن ابن مسعود (حص حر)، [٢] ابن حبان عن جابر (حص وحر)، [٣] طبرانی عن ابن عباس رض
(حص وحر)، [٤] بخاری ومسلم وابن ابی شیبۃ عن ابی موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ (حص وحر)،
[٥] بخاری ومسلم وابن ابی شیبۃ عن عائشۃ رضی اللہ عنہا وابی موسیٰ رضی اللہ عنہ (حص وحر)،

ہر گناہ سے اور لوٹ ھر نیکی کی اور کامیابی بہشت کی اور نجات دوزخ سے ۳۸؎ میں مانگتا ہوں تجھ سے علم کار آمد ۳۹؎ یا اللہ بخش دے میرے گناہ نادانستہ و دانستہ ۴۰؎ یا اللہ بخش دے میری خطا و نادانی اور میری زیادتی اپنے بارے میں اور وہ کہ تو زیادہ جانتا ہے اسے مجھ سے ۴۱؎ یا اللہ بخش دے جو گناہ مجھکو مقصود تھا اور جو غیر مقصود تھا ۴۲؎ اے اللہ پھیرنے والے دلوں کے پھیر دل ہمارے اپنی طاعت کی طرف ۴۳؎ یا اللہ مجھکو ہدایت کر اور مجھکو استوار رکھ ۴۴؎ یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے ہدایت اور پرہیزگاری اور پارسائی اور سیر چشمی ۴۵؎ یا اللہ درست رکھ میرا دین جو میرے حق میں بچاؤ ہے

۶؎ مسلم ونسائی عن عبداللہ بن عمرو بن العاص رضؓ (حصن وحرز)

۷؎ مسلم (حصن)

۸؎ مسلم وترمذی وابن ماجہ عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ (حصن وحرز) ۱۲ ؎ ۱۲

أَمْرِيْ وَأَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ

وَأَصْلِحْ لِيْ آخِرَتِيْ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ

الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً

لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ[1] اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ

وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ[2]

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَ

الْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَأْثَمِ وَمِنْ

عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَ

عَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى وَشَرِّ فِتْنَةِ

الْفَقْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَمِنْ

---

[1] مسلم عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ (حص وحر)

[2] مسلم عن ابی مالک رضی اللہ عنہ (حصین وحر)

اور درست رکھ میری دنیا۔ جس میں میری معاش ہے

اور درست رکھ میری آخرت جہاں مجھے لوٹنا ہے اور کر زندگی

کو میرے لئے ترقی ہر بھلائی میں اور کر موت کو میرے لئے

چین ہر برائی سے[۱] یا اللہ بخش دے مجھے اور رحم کر مجھ پر

اور امن دے مجھے اور رزق دے مجھے

یا اللہ میں تیری پناہ پکڑتا ہوں کم ہمتی سے اور سستی سے اور

بزدلی سے اور بہت بڑھاپے سے اور قرض سے اور گناہ سے اور

دوزخ کے عذاب سے اور دوزخ کے فتنہ سے اور قبر کے فتنہ سے اور

قبر کے عذاب سے اور مالداری کے بُرے فتنہ سے اور محتاجی کے

بُرے فتنہ سے اور مسیح دجال کے برے فتنہ سے اور

---

[۱] لم یراع الترتیب فی ترجمۃ التعوذات ولا التساوی فی العدد بل اتی بالالفاظ جامعا و متعددہا للاختصار فلذا لم یکن اعاجیبا بالاعداد والمطابقۃ ۱۲ منہ

فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَ
الْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَالْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ
وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَآءِ وَمِنَ الصَّمَمِ
وَالْبَكَمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ الْاَسْقَامِ
وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَمِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْبُخْلِ
وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ وَمِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَ
فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَمِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَقَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ
وَمِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَّا يُسْتَجَابُ لَهَا

اَلْمَنْزِلُ الثَّانِيْ يَوْمَ الْاَحَدِ

رَبِّ اَعِنِّيْ وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِيْ وَلَا تَنْصُرْ
عَلَيَّ وَامْكُرْ لِيْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِيْ

زندگی اور موت کے فتنہ سے اور سخت دلی سے اور غفلت سے اور

تنگدستی سے اور ذلت سے اور خواری سے اور کفر سے اور فسق سے

اور ضد اضدی سے اور سنانے سے اور دکھلانے سے اور بہرے ہونے سے

اور گونگے ہونے سے اور جنون سے اور جذام سے اور بری بیماریوں

سے اور بار قرضہ سے اور فکر سے اور غم سے اور بخل سے

اور لوگوں کے دبالینے سے اور اس سے کہ ناکارہ عمر تک پہونچوں اور

دنیا کے فتنہ سے اور اس علم سے جو نفع نہ دے اور اس دل سے جس میں

خشوع نہو اور اس نفس سے جو سیر نہو اور اس دعا سے جو مقبول نہو۔

دوسری منزل بروزِ یکشنبہ (اتوار)

اے رب مدد کر میری اور میرے مقابلہ میں کسی کی مدد مت کر اور فتح دے مجھے اور میرے

اوپر کسی کو فتح نہ دے اور تدبیر کر میرے لئے اور میرے اوپر کسی کی تدبیر نہ چلا اور ہدایت کر

وَيَسِّرِ الْهُدٰى لِيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ بَغٰى
عَلَيَّ رَبِّ اجْعَلْنِيْ لَكَ ذَكَّارًا لَّكَ شَكَّارًا لَّكَ
رَهَّابًا لَّكَ مِطْوَاعًا لَّكَ مُطِيْعًا إِلَيْكَ مُخْبِتًا
إِلَيْكَ أَوَّاهًا مُّنِيْبًا ۝ رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِيْ
وَاغْسِلْ حَوْبَتِيْ وَأَجِبْ دَعْوَتِيْ وَثَبِّتْ حُجَّتِيْ
وَسَدِّدْ لِسَانِيْ وَاهْدِ قَلْبِيْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ
صَدْرِيْ[١] ۝ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا
وَأَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَأَصْلِحْ لَنَا
شَأْنَنَا كُلَّهٗ[٢] ۝ اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا وَأَصْلِحْ
ذَاتَ بَيْنِنَا وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ

[١] رواه الاربعة وابن حبان والحاكم وابن ابی شيبة عن ابن عباس رضی الله عنه حصن وحرز

رب مجھے اور آسان کر ہدایت کو میرے لئے اور مجھکو مدد دے اُس پر جو مجھ پر زیادتی
کرے اے رب کر دے مجھے ایسا کہ میں تجھے بہت یاد کیا کروں تیرا بہت شکر
کیا کروں تجھسے بہت ڈرا کروں تیری بہت فرمانبرداری کیا کروں تیرا بہت مطیع
رہوں تجھ ہی سے سکون پانیوالا تیری ہی طرف متوجہ ہونیوالا رجوع رہنے والا اے
رب قبول کر میری توبہ اور دھو دے میرے گناہ اور قبول کر میری دعا اور قائم رکھ
میری حجت اور راست رکھ میری زبان اور ہدایت دے میرے دل کو اور نکال دے
میرے سینہ کی کدورت [له] یا اللہ بخش دے ہمیں اور رحم کر ہم پر اور راضی ہو جا ہم سے
اور داخل کر ہمیں بہشت میں اور بچا ہمیں دوزخ سے اور درست کر دے
ہمارے حال سب [مه] یا اللہ الفت دے ہمارے دلوں میں اور اصلاح کر دے
ہمارے باہمی تعلقات کی اور دکھا ہمیں سلامتی کے راستے اور نکال لے ہمیں

له ابن ماجہ وابوداود وعن ابی امامۃ ۱۲

الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ
مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا فِیْ اَسْمَاعِنَا
وَاَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا وَتُبْ
عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ وَاجْعَلْنَا
شَاكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِيْنَ بِهَا قَابِلِيْهَا وَاَتِمَّهَا
عَلَيْنَا۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَ
اَسْأَلُكَ عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ وَاَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ
وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَاَسْأَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّقَلْبًا
سَلِيْمًا وَّخُلُقًا مُّسْتَقِيْمًا وَّاَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ
وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا نَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ۝

ابو داؤد و ابن حبان و الحاکم و الطبرانی عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ (حصن حصین)

اندھیریوں سے نور کی طرف اور علیحدہ رکھ ہمیں بے حیائیوں سے جو ظاہری
ہوں اور جو باطنی اور برکت دے ہمیں ہماری شنوائیوں میں اور ہماری
بینائیوں میں اور ہمارے دلوں میں اور ہماری بیبیوں میں اور ہماری اولاد میں اور
توبہ قبول کر ہماری کیونکہ تو ہی ہے توبہ قبول کرنیوالا مہربان اور کر دے ہمیں
اپنی نعمت کا شکر گذار اور ثنا خواں نعمت کے قابل اور پورا کر دے
ہم پر اُسے [۵] یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے ثابت قدمی امور میں اور
مانگتا ہوں میں تجھ سے اعلےٰ درجہ کی صلاحیت اور مانگتا ہوں تجھ سے تیری
نعمت کا شکر اور تیری عبادت کی خوبی اور مانگتا ہوں میں تجھ سے زبان سچی
اور قلب سلیم اور اخلاق متین اور مانگتا ہوں میں تجھ سے وہ بھلائی جسکو تو جانتا ہے
اور معافی چاہتا ہوں اُس گناہ سے جسکو تو جانتا ہے تو ہی چھپی ہوئی چیزوں کا جاننے والا

---

۵ ترمذی حاکم ابن حبان ابن ابی شیبۃ عن شداد بن اوس رضی اللہ عنہ حص و حر

[۵۱] اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا
اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ ۝[۵۲]
اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا
وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ
جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مَصَائِبَ
الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا
اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ
ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا
وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِیْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا
اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا
وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا ۝[۵۳] اَللّٰهُمَّ زِدْنَا

[۵۱] حاکم واحمد عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ [۵۲] م و حم [۵۳] ترمذی نسائی حاکم عن ابن عمرؓ (حسن و حم)

ہے ۵۱ یا اللہ بخش دے جو کچھ پہلے کیا میں نے اور جو کچھ بعد میں کیا اور جو

کچھ پوشیدہ کیا اور جو کچھ علانیہ کیا اور جو کچھ کہ تو اُسے زیادہ جانتا ہے مجھ سے ۔

۵۲ یا اللہ حصہ دے ہمیں اپنے خوف سے اتنا کہ حائل ہو جاوے ہم میں

اور تیرے گناہوں میں اور اپنی عبادت سے اتنا کہ پہنچا دے تو ہمیں بذریعہ

اُسکے اپنی جنت میں اور یقین سے اتنا کہ سہل کر دے اُس سے ہم پر دنیا

کی مصیبتیں اور کارآمد رکھ ہماری شنوائیاں اور ہماری بینائیاں اور ہماری

قوت جب تک کہ ہمیں زندہ رکھے اور کرنا اُسکی خیر کو باقی بعد ہمارے اور ہمارا

انتقام لے اُس سے جو ہم پر ظلم کرے اور مدد دے ہمیں اُس پر جو ہم سے دشمنی

کرے اور مت کر مصیبت ہماری ہمارے دین میں اور مت کر دنیا کو مقصود

اعظم ہمارا اور نہ انتہا ہمارے معلومات کی اور نہ انتہا ہماری رغبت کی

اور نہ مسلط کر ہم پر اس کو جو ہم پر رحم نہ کرے ۵۳ یا اللہ ہمیں زیادہ دے

وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا
تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَاَرْضِنَا
وَارْضَ عَنَّا ۝[1] اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِىْ رُشْدِىْ ۝[2] اَللّٰهُمَّ
قِنِىْ شَرَّ نَفْسِىْ وَاعْزِمْ لِىْ عَلٰى رُشْدِ اَمْرِىْ ۝[3]
اَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۝[4] اَللّٰهُمَّ
اِنِّىْ اَسْأَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ
وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِىْ وَتَرْحَمَنِىْ
وَاِذَا اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِىْ غَيْرَ
مَفْتُوْنٍ وَّاَسْأَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ
وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُ اِلٰى حُبِّكَ ۝[5] اَللّٰهُمَّ

---

[1] ترمذی نسائی حاکم عن عمر بن الخطابؓ (حصو وحمہ) [2] ترمذی عن عمران بن حصین (حصو وحمہ)
[3] حاکم نسائی ابن حبان عن حصین بن عبیدؓ (حصو وحمہ)

اور گھٹا مت اور آبرو دے ہمیں اور خوار نہ کر اور عطیہ دے ہمیں اور

محروم نہ کر اور ہمیں بڑھائے رکھ اور اوروں کو ہم پر نہ بڑھا اور ہمیں خوش کر

اور ہم سے راضی ہو جا[۵۴] یا اللہ دل میں ڈالدے میرے میری صلاحیت[۵۵] یا اللہ

محفوظ رکھ مجھے میرے نفس کی برائی سے اور ہٹ بے مجھے اپنے کام کی اصلاح پر[۵۵]

مانگتا ہوں میں خدا تعالیٰ سے امن دنیا اور آخرت میں[۵۵] یا اللہ میں مانگتا

ہوں تجھ سے توفیق نیک کاموں کے کرنے کی اور برائیوں کے چھوڑنے کی

اور محبت غریبوں کی اور یہ کہ بخشدے تو مجھے اور رحم کرلے تو مجھ پر اور جب

ارادہ کرے تو کسی قوم پر بلا نازل کرنیکا تو اُٹھا لینا مجھے قبل اسکے کہ اُس بلا

میں پڑوں اور مانگتا ہوں میں تجھ سے تیری محبت اور اُس شخص کی محبت جو

تجھ سے محبت رکھتا ہو اور اس عمل کی محبت جو قریب کردے تیری محبت سے[۵۸] یا اللہ

---

[۵۴] ترمذی عن العباس رض (حصن حصین)

[۵۸] ترمذی عن معاذ رض و حاکم عن ثوبان (حصن حصین) ۱۲

اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمِنَ
الْمَاءِ الْبَارِدِ ۃ[1] اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ
يَنْفَعُنِيْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ اَللّٰهُمَّ فَمَا رَزَقْتَنِيْ مِمَّا
اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ اَللّٰهُمَّ وَمَا
زَوَيْتَ عَنِّيْ مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّيْ
فِيْمَا تُحِبُّ ۃ[2] يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ
عَلٰى دِيْنِكَ ۃ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ اِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ
وَنَعِيْمًا لَا يَنْفَدُ وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فِيْ اَعْلٰى دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ ۃ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
اَسْاَلُكَ صِحَّةً فِيْ اِيْمَانٍ وَاِيْمَانًا فِيْ حُسْنِ خُلُقٍ

---

[1] ترمذی و حاکم عن ابی الدرداءؓ (حص و حم)

[2] ترمذی عن عبداللہ بن یزیدؓ (حص و حم)

کر دے اپنی محبت زیادہ پیاری مجھے میری جان سے اور گھر والوں سے اور

ٹھنڈے پانی سے[۵۹] یا اللہ نصیب کر مجھے اپنی محبت اور اس شخص کی محبت

جس کی محبت تیرے نزدیک میرے کار آمد ہو یا اللہ جسطرح دیا ہے تو نے

مجھے جو کچھ مجھے پسند ہے تو کر دے اسے معین میرا اُس کام میں جو تجھے پسند ہی یا اللہ

اور جو کچھ دور کیا تو نے مجھ سے اُن چیزوں میں سے جو مجھکو پسند ہیں تو کر دے اسے میرے

حق میں فراغ اُن چیزوں کیلئے جو تجھے پسند ہیں[۶۰] اے پلٹنے والے دلوں کے مضبوط

رکھنا دل میرا اپنے دین پر[۶۱] یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے ایسا ایمان کہ پھر نہ پھرے

اور ایسی نعمت کہ ختم نہ ہو اور خدمت اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی

برترین مقام جنت میں یعنی جنت الخلد میں[۶۲] یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ

سے تندرستی ایمان کے ساتھ اور ایمان حسن خلق کے ساتھ اور کامیابی

---

۶۳ ترمذی و نسائی و حاکم احمد ابو یعلی عن ام سلمۃ و عائشہ رض و جابر رض (حص و حم) ۱۲

۶۴ نسائی ابن حبان حاکم عن ابن مسعود رض (حصن و حم)

وَنَجَاحًا تُتْبِعُهُ فَلَاحًا وَّرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِيَةً
وَمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا ۵ [٦٣] اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا
عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ ۵ [٦٤] اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ
الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ اَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ
الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ
خَيْرًا لِّيْ وَاَسْأَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ
وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ الْاِخْلَاصِ فِي الرِّضٰى وَالْغَضَبِ
وَاَسْأَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ
وَاَسْأَلُكَ الرِّضَا بِالْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ
وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى

لہ نسائی و حاکم ۲۲ عن انس رضی اللہ عنہ (حص و حم) ۱۲

جس کے پیچھے فلاح بھی دے تو مجھے اور رحمت تیری طرف سے اور امن

اور بخشش تیری طرف سے اور خوشنودی[63] یا اللہ نفع دے مجھے اس علم سے

جو تو نے مجھے دیا اور دے مجھے وہ علم کہ نفع دے مجھے[64] یا اللہ بوسیلہ اپنے

عالم الغیب ہونے کے اور مخلوق پر قادر ہونے کے زندہ رکھنا مجھے جبتک تیرے

علم میں زندگی بہتر ہو میرے لیے اور اٹھا لینا مجھے جب تیرے علم میں موت بہتر ہو

میرے لیے اور مانگتا ہوں میں تجھ سے تیرا ڈر غائب میں

اور حاضر میں اور کلمہ اخلاص کا عیش اور طیش میں اور مانگتا ہوں

میں تجھ سے ایسی نعمت کہ ختم نہ ہو اور ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک کہ جاتی نہ

رہے اور مانگتا ہوں میں تجھ سے رضامندی تیرے حکم پر اور خوش عیشی موت کے بعد

اور مزا تیرے دیدار کا اور تڑپ تیرے وصال کی اور پناہ چاہتا

---

۵ ترمذی ابن ماجہ ابن ابی شیبۃ عن ابی ہریرۃ رض (حص و حص)

لِقَائِكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ
اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ ﴿۶۵﴾
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ
مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَالَمْ اَعْلَمْ ﴿۶۶﴾ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ
مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ
قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّاَسْأَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَآءٍ لِّيْ
خَيْرًا ﴿۶۷﴾ وَاَسْأَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِيْ مِنْ اَمْرٍ
اَنْ تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا ﴿۶۸﴾ اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا
فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَ

[1] نسائی حاکم | احمد طبرانی عن عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ (حص وحر)

ہوں بذریعہ تیری ذات کے مصیبت آزار دینے والی اور بلا گمراہ کرنیوالی سے

یا اللہ آراستہ کردے ہمیں ایمان کی زینت سے اور کردے ہمیں راہنما راہ بین ۔[۶۵]

یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی سب کی اس وقت کی اور آئندہ کی

ہمیں سے جس کا مجھ کو علم ہے اور جس کا نہیں ۔[۶۶] یا اللہ میں مانگتا ہوں

تجھ سے وہ سب بھلائی جسکو مانگا ہے تجھ سے تیرے بندے اور تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

نے یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے جنت اور جو چیز اسکی طرف قریب کرنیوالی ہو

قول ہو یا عمل اور مانگتا ہوں میں تجھ سے یہ کہ کردے ہر اپنے حکم کو میرے حق

میں بہتر ۔[۶۷] اور مانگتا ہوں میں تجھ سے جو کچھ جاری کرے تو میرے حق میں

کوئی بات کردے تو انجام اُس کا بھلائی ۔ یا اللہ اچھا کر انجام ہمارا

تمام کاموں میں اور پناہ میں رکھ ہمیں رسوائی سے دنیا کی اور

---

۶۵ ابن ماجہ و ابن حبان و حاکم عن عائشہ رضی اللہ عنہا حص وحر ، ۶۶ حاکم عن عائشہ حصن وحرا

عَذَابِ الْاٰخِرَةِ ۝[1] اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَائِمًا
وَّاحْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا وَّاحْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ
رَاقِدًا وَّلَا تُشْمِتْ بِيْ عَدُوًّا وَّلَا
حَاسِدًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ
خَزَائِنُهُ بِيَدِكَ ۝ وَاَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ الَّذِيْ
هُوَ بِيَدِكَ كُلِّهِ ۝[2] اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا
اِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا دَيْنًا
اِلَّا قَضَيْتَهُ وَلَا حَاجَةً مِّنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝
اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ۝

[1] ابن حبان عن عمر بن الخطاب سودۃ ۱۲

[2] حاکم عن عبداللہ حاکم واحمد عن ابی ہریرۃ حبان عن عمر بن الخطاب (حصن حصین)

عذاب آخرت سے [۶۹] یا اللہ اسلام کے ساتھ نگاہ رکھ مجھے کھڑے ہوئے اور اسلام کے ساتھ نگاہ رکھ مجھے بیٹھے ہوئے اور اسلام کے ساتھ نگاہ رکھ مجھے لیٹے ہوئے اور نہ طعنہ کا موقع دے مجھ پر کسی دشمن کو اور نہ کسی حاسد کو یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے سب بھلائیاں جسکے خزانے تیرے قبضہ قدرت میں ہیں [۷۰] اور مانگتا ہوں تجھ سے وہ سب کی سب بھلائی کہ وہ تیرے قبضہ میں ہے یا [۷۱] اللہ مت چھوڑنا ہمارا کوئی گناہ مگر کہ بخش دینا اُسے اور نہ کوئی فکر مگر کہ زائل کر دینا اُسے اور نہ کچھ قرض مگر کہ ادا کر دینا اُسے اور نہ کوئی حاجت دنیا اور آخرت کی حاجتوں میں سے مگر کہ ادا کر دینا اُسے اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔

یا [۷۲] اللہ مدد کر ہماری اپنے ذکر اور اپنے شکر اور اپنی عبادت کی خوبی پر

[۷۲] ابن حبان عن عمر بن الخطاب رض (حص وحر)

[۷۲] طبرانی عن انس رض (حص وحر) [۷۵] حاکم واحمد عن ابی ہریرۃ رض (حص وحر)

اَللّٰھُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْهِ[1]

وَاخْلُفْ عَلٰی كُلِّ غَائِبَةٍ لِّیْ بِخَیْرٍ ۝

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ عِیْشَةً نَّقِیَّةً وَّمِیْتَةً سَوِیَّةً وَّ

مَرَدًّا غَیْرَ مُخْزِیٍّ وَّلَا فَاضِحٍ ۝ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ

فَقَوِّ فِیْ رِضَاكَ ضُعْفِیْ وَخُذْ اِلَی الْخَیْرِ

بِنَاصِیَتِیْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَھٰی رِضَائِیْ

وَاِنِّیْ ذَلِیْلٌ فَاَعِزَّنِیْ وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ فَارْزُقْنِیْ ۝[2]

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ خَیْرَ الْمَسْأَلَةِ وَخَیْرَ الدُّعَاءِ

وَخَیْرَ النَّجَاحِ وَخَیْرَ الْعَمَلِ وَخَیْرَ الثَّوَابِ وَخَیْرَ

الْحَیٰوةِ وَخَیْرَ الْمَمَاتِ وَثَبِّتْنِیْ وَثَقِّلْ مَوَازِیْنِیْ

---

[1] حاکم عن ابن عباس رضی اللہ (حصن وحرز) [2] حاکم عن ابن عمرؓ (حصن وحرز)

یا اللہ قناعت دے مجھے اس پر جو نصیب کیا تو نے مجھے اور برکت دے میرے
لئے اس میں اور نگراں رہ میری ہر اس چیز پر جو میرے سامنے نہیں ہے خیریت کے ساتھ۔
یا اللہ[۴] میں مانگتا ہوں تجھ سے زندگی صاف اور موت ڈھنگ کی اور
انتقال جس میں رسوائی اور فضیحت نہ ہو۔ یا اللہ[۵] میں کمزور ہوں پس
قوت سے بدل دے اپنی مرضیات میں ضعف میرا اور کشاں کشاں لے جا
مجھے خیر کی طرف اور کر دے اسلام کو انتہا میری پسند کا اور
میں ذلیل ہوں پس عزت دے مجھے اور میں محتاج ہوں پس رزق دے مجھے
یا اللہ[۶] میں مانگتا ہوں تجھ سے سب سے اچھا سوال اور سب سے اچھی دعا اور سب سے
اچھی کامیابی اور سب سے اچھا عمل اور سب سے اچھا ثواب اور سب سے اچھی زندگی
اور سب سے اچھی موت اور ثابت قدم رکھ مجھے اور بھاری کر میری نیکیوں کا پلہ اور

[۳] حاکم و ابن ابی شیبۃ عن بریدۃ بن الخصیب رضـ (حمع وحر).

وَحَقِّقْ إِيْمَانِيْ وَارْفَعْ دَرَجَتِيْ وَتَقَبَّلْ صَلَاتِيْ

وَأَسْأَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ

إِنِّيْ أَسْأَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَيْرِ وَخَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ

وَأَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ

أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا اٰتِيْ وَخَيْرَ مَا أَفْعَلُ وَخَيْرَ مَا

أَعْمَلُ وَخَيْرَ مَا بَطَنَ وَخَيْرَ مَا ظَهَرَ[1] ۝ اَللّٰهُمَّ

اجْعَلْ أَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّيْ وَانْقِطَاعِ

عُمُرِيْ ۝ وَاجْعَلْ خَيْرَ عُمُرِيْ اٰخِرَهٗ وَخَيْرَ

عَمَلِيْ خَوَاتِيْمَهٗ وَخَيْرَ أَيَّامِيْ يَوْمَ أَلْقَاكَ فِيْهِ ۝

يَا وَلِيَّ الْإِسْلَامِ وَأَهْلِهٖ ثَبِّتْنِيْ حَتّٰى أَلْقَاكَ[2] ۝

---

[1] حاکم وطبرانی عن أم سلمہ (حص وحر) ۱۲

[2] حاکم وطبرانی عن عائشہ رض (حص وحر)

سچا کر دے میرے ایمان کو اور بلند کر میرا درجہ اور قبول کر میری نماز

اور مانگتا ہوں میں تجھ سے بلند درجے جنت کے آمین یا اللہ میں

مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی کی ابتدائیں اور انتہائیں اور اسکی جامع چیزیں

اور اُس کا اول اور اُس کا آخر اور اُس کا ظاہر اور اُس کا باطن یا اللہ میں

مانگتا ہوں تجھ سے اُن چیزوں کی بھلائی جو کروں ہر دل میں اور اسکی بھلائی

جو عمل میں لاؤں اور اُسکی بھلائی جو پوشیدہ ہے اور اُسکی بھلائی جو ظاہر ہے[۸] یا اللہ

کرنا سب سے فراخ رزق میرا میرے بڑھاپے اور میری عمر کے ختم ہونے کے

وقت[۸] اور کرنا بہترین عمر میری آخر حصہ اُس کا اور بہترین عمل میرا

پچھلے عمل اور سب سے بہتر میرے دنوں کا وہ دن جس میں تجھ سے ملوں[۹]

اے مددگار اسلام کے اور اہل اسلام کے ثابت قدم رکھ مجھے اسلام پر یہاں تک کہ میں

---

[۸] طبرانی عن انس رض ۱۲

[۹] طبرانی عن انس رضی اللہ عنہ ۱۲

اَسْأَلُكَ غِنَایَ وَغِنَا مَوْلَایَ ؕ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ سُوْٓءِ الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ الصَّدْرِ
وَاَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِیْ وَمِنْ
جُهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ الشَّقَآءِ وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَ
شَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ
شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ وَمِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ وَمِنْ شَرِّ
مَا لَمْ اَعْلَمْ وَمِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ
عَافِیَتِكَ وَفُجَاءَةِ ــــــــ نِقْمَتِكَ وَجَمِیْعِ
سَخَطِكَ وَمِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ وَمِنْ
شَرِّ لِسَانِیْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ وَمِنْ شَرِّ مَنِیِّیْ

احمد و طبرانی عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ وعنہا

مانگتا ہوں میں تجھ سے اپنی سیر چشمی اور اپنے متعلقین کی سیر چشمی

یا اللہ میں تیری پناہ پکڑتا ہوں بری عمر سے اور دل کے فتنہ سے اور پناہ مانگتا ہوں میں بوسیلہ تیری عزت کے نہیں ہے کوئی معبود سوا تیرے اس سے کہ گمراہ کرے تو مجھے اور بلا کی مشقت سے اور بدبختی کے پالینے سے اور بری تقدیر سے اور دشمنوں کے طعنہ سے اور اس کام کی برائی سے جو میں نے کیا اور اس کام کی برائی سے جو میں نے نہیں کیا اور اس چیز کی برائی سے جو مجھے معلوم ہے اور اس چیز کی برائی سے جو مجھے معلوم نہیں ہے اور تیری نعمت کے جاتے رہنے سے اور تیرے امن کے پلٹ جانے سے اور تیرے عذاب کے ناگہاں آجانے سے اور تیرے تمام غضوں سے اور اپنی شنوائی کی برائی سے اور بینائی کی برائی سے اور اپنی زبان کی برائی سے اور اپنے دل کی برائی سے اور اپنی منی کی برائی سے

وَمِنَ الْفَاقَةِ وَمِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ وَمِنَ

الْهَدْمِ وَمِنَ التَّرَدِّيْ وَمِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ

وَاَنْ يَّتَخَبَّطَنِيَ الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَمِنْ اَنْ

اَمُوْتَ فِيْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا وَّاَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا ۞

اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ شَكُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ

فِيْ عَيْنِيْ صَغِيْرًا وَّفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا ۞ اَللّٰهُمَّ

ضَعْ فِيْ اَرْضِنَا بَرَكَتَهَا وَزِيْنَتَهَا وَسَكَنَهَا وَلَا تَحْرِمْنِيْ

بَرَكَةَ مَا اَعْطَيْتَنِيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ فِيْمَا

اَحْرَمْتَنِيْ ۞ اَللّٰهُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِيْ فَاَحْسِنْ

ا بزار عن بریدۃ بن الخصیب رضی اللہ عنہ ۱۲ ۲ طبرانی عن جابر رضی اللہ عنہ ۱

اور فاقہ سے اور اس سے کہ میں ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے اور کسی چیز کے
میرے اوپر گر جانے سے اور کسی چیز پر سے گر پڑنے سے اور ڈوب جانے سے اور جل جانے
سے اور اس سے کہ گڑبڑ میں ڈال دے مجھے شیطان موت کے وقت اور اس سے کہ
مروں میں جہاد سے بھاگ کر اور اس سے کہ مروں میں زہریلے جانور کے کاٹنے سے

تیسری منزل بروز دوشنبہ (پیر)

یا اللہ[۸۱] کر دے مجھے بڑا صبر والا اور کر دے مجھے بڑا شکر والا اور کر دے
مجھے میری نظر میں چھوٹا اور لوگوں کی نظر میں بڑا[۸۲] یا اللہ دے
ہماری زمین میں برکت اور شادابی اور امن اور نہ محروم رکھ مجھے اس
چیز کی برکت سے جو تو مجھے دے اور نہ فتنہ میں ڈال مجھے اس چیز کے بارے میں
جو تو مجھے نہ دے[۸۳] یا اللہ اچھی بنائی ہے تو نے صورت میری بس اچھی کر دے

۸۳ احمد و طبرانی عن عبداللہ بن عمرو بن العاص رض (حص وحر)

خُلُقِي ۞ وَأَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِي وَأَجِرْنِي مِنْ مُضِلَّاتِ
الْفِتَنِ مَا أَحْيَيْتَنَا ۞ اَللّٰهُمَّ لَقِّنِّي حُجَّةَ الْإِيمَانِ
عِنْدَ الْمَمَاتِ ۞ رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِي هٰذَا
الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهُ ۞ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ
خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ وَفَتْحَهُ وَنَصْرَهُ وَنُورَهُ وَبَرَكَتَهُ
وَهُدَاهُ ۞ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ
فِي دِينِي وَدُنْيَايَ وَأَهْلِي وَمَالِي اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ
عَوْرَتِي وَآمِنْ رَوْعَتِي اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِي
مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِي وَعَنْ يَمِينِي وَعَنْ
شِمَالِي وَمِنْ فَوْقِي وَأَعُوذُ بِعَظَمَتِكَ أَنْ

---

1 احمد وابو یعلی عن ام سلمۃ رض (حصن وحرز)

۲ احمد عن ام سلمۃ رض (حصن وحرز) ۳ طبرانی عن عائشۃ رض (حصن وحرز)

سیرت میری ۞[۸۴] اور دور کردے میرے دل کا غصہ اور بچائے رکھ مجھے گمراہ کرنیوالے

فتنوں سے جبتک تو ہمیں زندہ رکھے ۞[۸۵] یا اللہ سکھا دینا مجھے حجت ایمان کی

موت کے وقت ۞[۸۶] اے رب میں مانگتا ہوں تجھ سے اس چیز کی بھلائی جو

اُس دن میں ہو اور اُس چیز کی بھلائی جو اُسکے بعد ہو۔ یا اللہ میں مانگتا ہوں

تجھ سے بھلائی اُس دن کی اور فتح اُسکی اور ظفر اسکی اور نور اُسکا اور برکت

اُسکی اور ہدایت اُسکی ۞[۸۷] یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے معافی اور امن

اپنے دین میں اور اپنی دنیا میں اور اپنے اہل و مال میں یا اللہ ڈھانک

دے عیب میرا اور مبدل بامن کردے میرے خوف کو یا اللہ حفاظت کر

میری میرے آگے سے اور میرے پیچھے سے اور میرے داہنے سے اور

میرے بائیں سے اور میرے اوپر سے اور پناہ چاہتا ہوں میں بوسیلہ تیری عظمت کے

---

۸۴ مسلم ابوداؤد ترمذی نسائی ابن شیبہ عن ابن مسعود رض (حص و حر) ۱۲

۸۵ ابوداؤد عن ابی مالک رض (حص و حر)

أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِي ۝٨٨ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ

أَسْتَغِيْثُ أَصْلِحْ لِي شَانِي كُلَّهُ وَلَا تَكِلْنِي إِلَى

نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ ۝٨٩ أَسْأَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ

الَّذِي أَشْرَقَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ وَبِكُلِّ

حَقٍّ هُوَ لَكَ وَبِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ عَلَيْكَ

أَنْ تُقِيْلَنِي وَأَنْ تُجِيْرَنِي مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ ۝٩٠

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ أَوَّلَ هٰذَا النَّهَارِ صَلَاحًا وَّأَوْسَطَهُ

فَلَاحًا وَّآخِرَهُ نَجَاحًا أَسْأَلُكَ خَيْرَ الدُّنْيَا

وَالْآخِرَةِ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝٩١ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي

ذَنْبِي وَاخْسِئْ شَيْطَانِي وَفُكَّ رِهَانِي وَثَقِّلْ

---

[۱] ابوداود وابن ماجہ نسائی ابن حبان حاکم ابن ابی شیبۃ (حص و حر)

[۲] نسائی حاکم بزار عن انس (حص و حر)

اس سے کہ ناگہاں پکڑ لیا جاؤں اپنے نیچے سے [۸۸] ای حی اے قیوم تیری رحمت

کی طرف فریاد لاتا ہوں میں درست کر دے میرے تمام احوال کو اور نہ سونپ مجھے

میرے نفس کی طرف ایک لحمہ بھر [۸۹] مانگتا ہوں میں تجھ سے بحق تیرے

اُس نور ذات کے کہ روشن ہیں اُس سے آسمان اور زمین اور صدقہ

ہر اُس حق کے جو تیرا ہے اور بذریعہ اُس حق کے جو مانگنے والوں کا تجھ پر ہے

یہ کہ درگذر کرے تو مجھ سے اور یہ کہ پناہ دے تو مجھے دوزخ سے اپنی قدرت سے

[۹۰] یا اللہ کر دے اُس دن کے اول حصہ کو بہتری اور اس کے اوسط حصہ کو

فلاح اور اُسکے آخر حصہ کو کامیابی میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی دُنیا

اور آخرت کی اے سب سے بڑے مہربان [۹۱] یا اللہ بخش دے میرے

گناہ اور دور کر دے میرے شیطان کو اور کھول دے بند میرا اور بھاری کر

---

۹۰ طبرانی عن ابی الامامۃ رض (حصن وحرز)

۹۱ ابن ابی شیبۃ عن عبدالرحمٰن بن ابی اوفی (حصن وحرز)

مِيزَانِي وَاجْعَلْنِي فِي النَّدِيِّ الْأَعْلَى[۱] ۹۲ اللّٰهُمَّ قِنِي
عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ[۲] ۹۳ اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ
السَّبْعِ وَمَا أَظَلَّتْ وَرَبَّ الْأَرَضِينَ وَمَا
أَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيَاطِينِ وَمَا أَضَلَّتْ كُنْ
لِّي جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ أَجْمَعِيْنَ أَنْ يَّفْرُطَ
عَلَيَّ أَحَدٌ مِّنْهُمْ أَوْ أَنْ يَّطْغٰى عَزَّ جَارُكَ وَ
تَبَارَكَ اسْمُكَ[۳] ۹۴ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ لَا شَرِيكَ لَكَ
سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِي وَأَسْأَلُكَ
رَحْمَتَكَ[۴] ۹۵ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي وَوَسِّعْ لِي
فِي دَارِي وَبَارِكْ لِي فِي رِزْقِي[۵] ۹۶ اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي

۱؎ ابوداؤد والحاکم عن ابی الازہر (حصن حصین) ۲؎ بزار و ابن ابی شیبۃ عن حفصۃؓ (حصن حصین)
۳؎ طبرانی و ابن ابی شیبۃ عن خالد بن الولیدؓ (حصن حصین)

میرا پلہ اور کر دے مجھے طبقہ اعلٰے میں ۹۲ یا اللہ بچانا مجھے اپنے عذاب
سے جس دن تو اپنے بندوں کو اُٹھائے ۹۳ یا اللہ پروردگار ساتوں
آسمانوں کے اور اس چیز کے جس پر اُنکا سایہ ہے اور پروردگار زمینوں کے اور
اُس چیز کے جسکو زمین اُٹھائے ہوئے ہے اور پروردگار شیطانوں کے اور اُس چیز کے
جس کو انہوں نے گمراہ کیا رہنا میرا نگہبان اپنی تمام مخلوق کی بُرائی سے اس
سے کہ ظلم کرے کوئی ان میں سے مجھ پر یا کہ تعدی کرے محفوظ ہے پناہ دیا
ہوا تیرا اور بابرکت ہے نام تیرا ۹۴ نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے نہیں ہے کوئی
شریک تیرا پاک ہے تو یا اللہ میں معافی چاہتا ہوں تجھ سے اپنے گناہ کی اور
مانگتا ہوں تجھ سے رحمت تیری ۹۵ یا اللہ بخش دے میرا گناہ اور وسعت دے مجھے
میرے گھر میں اور برکت دے مجھے میرے رزق میں ۹۶ یا اللہ کر دے مجھے

۹۴ ابوداؤد و ترمذی و نسائی ابن حبان حاکم عن عائشۃ رض (حصہ و حمد)
۹۵ نسائی وابن السنی عن ابی موسی الاشعری رض (حص و حمد)

مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ۞

[١] اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَاهْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَعَافِنِیْ۞

اِهْدِنِیْ لِمَا اخْتُلِفَ فِیْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ [٢]۞

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا

وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا وَّعَنْ

شِمَالِیْ نُوْرًا وَّخَلْفِیْ نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِیْ نُوْرًا وَّ

اجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّفِیْ عَصَبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ لَحْمِیْ

نُوْرًا وَّفِیْ دَمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ شَعْرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ

بَشَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ

نَفْسِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ نُوْرًا

---

[١] ترمذی عن عمر رض (حص وحر)

[٢] ابوداؤد ونسائی وابن ماجه ابن ابی شیبه ابن حبان عن عائشة رض (حص وحر)

بہت توبہ کرنے والوں میں سے اور کر دے مجھے پاک صاف لوگوں میں سے؛

۹۷ یا اللہ بخش دے مجھے اور ہدایت کر مجھے اور رزق دے مجھے اور امن دے مجھے؛

۹۸ راہ صواب دکھا دے مجھے اپنے حکم سے جس چیز کے حق ہونے میں اختلاف ہو؛

۹۹ یا اللہ کر دے میرے دل میں نور اور میری بینائی میں نور

اور میری شنوائی میں نور اور میری داہنی طرف نور اور میرے

بائیں طرف نور اور میرے پیچھے نور اور میرے سامنے نور اور کر دے

میرے لئے ایک خاص نور اور میرے پٹھوں میں نور اور میرے گوشت

میں نور اور میرے خون میں نور اور میرے بالوں میں نور اور میرے

پوست میں نور اور میری زبان میں نور اور کر دے میری جان

میں نور اور دے مجھے نور عظیم اور کر دے مجھے سراپا نور

۱۰۰ مسلم دار بعہ ابن ان عن عائشۃ رض حم وحرا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مع مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہِ

اذا عزی احدا

اِنَّ لِلّٰہِ مَآ اَخَذَ وَلِلّٰہِ مَآ اَعْطٰی وَکُلٌّ عِنْدَہٗ

بِاَجَلٍ مُّسَمًّی فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ

اذا وضعہ فی قبرہ

بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ

اذا زار القبور

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَآ اَھْلَ الْقُبُوْرِ یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ

کچھ ڈر نہیں کفارہ گناہ انشاء اللہ کچھ ڈر نہیں کفارہ گناہ ہے انشاء اللہ

اللہ شفا دیجئے اُسے یا اللہ اچھا کر دیجئے اُسے

دعا وقت موت

لا الہ الا اللہ مع محمد رسول اللہ پڑھے صلی اللہ علیہ وسلم

جب ماتم پرسی کرے

اللہ ہی کا ہے جو کچھ لے لیا اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ دیا اور سب اُسکے

پاس ایک مدت مقررہ کے ساتھ۔ ہے لہٰذا صبر اختیار کرو اور اُمید ثواب رکھو

جب میت کو قبر میں اتارے

خدائے تعالیٰ کے نام کے ساتھ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طریق پر

جب قبرستان میں جائے

سلام پہونچے تم کو اے اہل قبور بخشیں اللہ ہم کو اور تم کو اور تم آگے

وَاَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ

وهٰذه خاتمة التتمة

اَللّٰهُمَّ اخْتِمْ لَنَا بِالْخَيْرِ وَاَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

شجرہ طیبہ چشتیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هٰذِهٖ شَجَرَةٌ طَيِّبَةٌ چِشْتِيَّةٌ صَابِرِيَّةٌ قُدُّوْسِيَّةٌ اِمْدَادِيَّةٌ

نَظَمَهَا الشَّيْخُ الْاَلْمَعِي اللَّوْذَعِي مَوْلَانَا ذُو الْفِقَارِ عَلِي

الدِّيُوْبَنْدِي الْحَنَفِي لِمُتَوَسِّلِي مَوْلَانَا الشَّيْخِ الْحَاجِ

مُحَمَّدْ اِمْدَادُ اللّٰهِ صَاحِبْ قَدَّسَ اللّٰهُ سِرَّهٗ

لہ اور حضرت اقدس سیدنا مولانا محمد اشرف علی صاحب مدظلہم نے اردو زبان میں

جانے والے ہو اور ہم تمہارے قدم پر ہیں

یہ اخیر ہے تتمہ کا

اے اللہ خاتمہ بالخیر کرنا ہمارا اور پورا دینا ہم کو نور اور بخش دیجئے

ہمیں کہ آپ ہر چیز پر قادر ہیں

شجرہ طیبہ چشتیہ

شروع اللہ کے نام سے جو بخشنے والا مہربان ہے

یہ شجرہ طیبہ چشتیہ صابریہ قدوسیہ امدادیہ ہے جس کو حضرت

فاضل کامل مولانا ذوالفقار علی صاحب دیوبندی نے نظم

فرمادیا ہے ان لوگوں کے لئے لاحق کیا گیا ہے جن کو حضرت مولانا

حاجی محمد امداد اللہ صاحب قدس سرہ کے ساتھ توسل اور تعلق ہے

اس کا ترجمہ فرمادیا ہے ۱۲ منہ

اس شجرہ کے پڑھنے سے پہلے اس فائدہ جدیدہ کو دیکھ لیجئے

(فائدہ جدیدہ) حضرت ناظمؒ نے یہ شجرہ ان لوگوں کے لئے لکھا
تھا جو حضرت میاں جیو نور محمد قدس اللہ سرہٗ کی طرف بواسطہ حضرت
مولانا حاجی محمد امداد اللہ قدس سرہٗ کے انتساب رکھتے ہیں۔ چونکہ
حضرت میاں جیو صاحبؒ کے خلفاء میں حضرت مولانا شیخ محمد صاحب
قدس سرہٗ کے ساتھ بھی ایک جماعت کثیرہ کا تعلق ہے بلا واسطہ بھی اور
بواسطہ حضرت قاضی محمد اسمٰعیل صاحب منگلوری کے بھی حضرت حاجی
صاحب قدس سرہٗ سے بھی جس طرح بعض کو بلا واسطہ توسل ہے،
اسی طرح بعض کو بواسطہ حضرت کے خلفاء مشہورین مثل حضرت مولانا
رشید احمد صاحب قدس سرہٗ و حضرت مولانا محمد قاسم صاحب قدس سرہٗ
و حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب قدس سرہٗ حضرت مولانا احمد حسن
صاحب امروہی قدس سرہٗ و حضرت مولانا اشرف علی صاحب عم فیضہٗ
و حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب دیوبندی دام فیضہٗ پھر حضرت
مولانا رشید احمد صاحب قدس سرہٗ کے ساتھ بھی بعض کو بواسطہ حضرت
مولانا کے خلفاء مشہورین مثل حضرت مولانا محمود حسن صاحب قدس سرہٗ
و حضرت مولانا خلیل احمد صاحب دام فیضہ و حضرت مولانا عبد الرحیم صاحب

قدس سرہٗ و حضرت مولانا صدیق احمد صاحب قدس سرہٗ کے تعلق ہے اسلئے طبع کی اس نوبت میں مناسب معلوم ہوا کہ ان حضرات کے لئے بھی ایک ایک شعر شجرہ میں بڑھا دیا جاوے کہ شجرہ سے سب کو دلچسپی ہو اور سب شوق سے پڑھیں پس شجرہ کے قبل وہ اشعار لکھے جاتے ہیں اور ہر بزرگ کے متوسل کو جس شعر کا اضافہ جس طریق سے کرنا چاہیئے وہ بھی ہر شعر سے پہلے لکھا جاتا ہے۔ بلکہ بہتر یہ ہوگا کہ ہر شخص اپنے اپنے شجرہ میں وہی شعر اسی طریق سے جو اُن کے مناسب ہے لکھ لیں تاکہ پڑھنے کے وقت ان سب اشعار میں سے اس کا ڈھونڈنا نہ پڑے اور طریق میں بار بار غور کرنا نہ پڑے۔

وھو ھذا۔ جو لوگ جناب مولانا شیخ محمد صاحب رحؒ سے بلا واسطہ بیعت ہیں وہ شجرہ کے شعر اول کے بعد شعر ذیل پڑھیں اور شجرہ کے شعر دوم و سوم کو چھوڑ دیں شعر ذیل یہ ہے

فبحرمۃ الشیخ الجلیل محمدٍ فی الوعظ و التلقین فرد زمان

بطفیل شیخ بزرگوار مولانا محمد کے۔ کہ وہ وعظ اور تلقین میں یکتائے زماں تھے

اور جو لوگ جناب قاضی محمد اسمٰعیل صاحب سے بیعت ہیں وہ شجرہ کے شعر اول کے بعد شعر ذیل پڑھیں اور اس کے بعد یہ اوپر والا شعر پڑھیں اور شجرہ کے شعر دوم و سوم کو چھوڑ دیں وہ شعر ذیل یہ ہے۔

بالشیخ اسمٰعیل یشہر قاضیاً للطالبین کمنبع الفیضان

بوسیلہ شاہ اسمعیل کے جو قاضی صاحبؒ کے لقب سے مشہور تھے اور طالبین کیلئے گویا چشمہ فیضان تھے

اور جو لوگ حضرت مولانا رشید احمد صاحبؒ سے بیعت ہیں وہ شجرہ کے شعر اوّل و شعر ثانی کے درمیان یہ شعر ذیل بڑھالیں۔

بالشیخ مولانا رشید احمد من کان حجۃ ربہ المنان

بوسیلہ مولانا رشید احمد کے۔ جو حجۃ اللہ تھے۔

اور جو لوگ حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ سے بیعت ہیں وہ شجرہ کے شعر اوّل وثانی کے درمیان یہ شعر بڑھالیں۔

فبحق مولانا محمد قاسم ھو قاسم للعلم والعرفان

بوسیلہ مولانا محمد قاسم کے۔ کہ وہ تقسیم کرنے والے علم اور معرفت کے تھے۔

اور جو لوگ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ سے بیعت ہیں وہ شجرہ کے شعر اول وثانی کے درمیان یہ شعر ذیل بڑھالیں۔

فبسیدی یعقوب یوسف وقتہ یعقوب وجداً فی الجمال کثانی

بوسیلہ (مولانا) محمد یعقوب کے کہ یوسف وقت تھے مشابہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے وجد میں اور حسن میں حضرت یوسف علیہ السلام کے۔

اور جو لوگ حضرت مولانا احمد حسن صاحبؒ امروہی سے بیعت ہیں وہ شجرہ کے شعر اول وثانی کے درمیان یہ شعر ذیل بڑھالیں۔

فبحق شیخی سیدی احمد حسن من وجہہ کالقلب فی اللمعان

بوسیلہ مرشدنا مولانا احمد حسن کے۔ کہ ظاہر اُن کا مثل باطن کے ہے نورمیں۔

اور جو لوگ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحبؒ سے بیعت ہیں وہ شجرہ کے شعر اول وثانی کے درمیان یہ شعر ذیل پڑھا لیں۔

بالشیخ فاضل عصرہ اشرف علی داعی طریقک حامل القرآن

بوسیلہ فاضل وقت مولانا اشرف علی کے۔ جو بلانے والے تیری راہ کے اور حافظ قرآن ہیں

اور جو لوگ مولانا عزیز الرحمن صاحبؒ سے متعلق ہیں وہ شجرہ کے شعر اول وثانی کے درمیان یہ شعر پڑھا لیں۔

بتقی ولی للرفیع وللغنی اعنی عزیز الراحم الرحمٰن

ببرکت تقویٰ مقرب (خدائے) رفیع یعنی (مولانا) عزیز الرحمٰن کے

اور جو لوگ حضرت مولانا محمود حسن صاحبؒ سے بیعت ہیں وہ شجرہ کے شعر اول وثانی کے درمیان یہ دو شعر پڑھا لیں۔

فبسیدی مولائی محمود حسن محمود اہل الحمد والاحسان

بوسیلہ حضرت مولانا محمود حسنؒ کے۔ جو سراہے ہوئے اہل حمد اور اہل خیر کے ہیں۔

اور دوسرا وہ ہے جس میں حضرت مولانا رشید احمد صاحبؒ کا نام ہے جو اوپر گذرا۔ اور جو لوگ حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ سے بیعت ہیں وہ شجرہ کے شعر اول وثانی کے درمیان یہ دو شعر پڑھا لیں۔

بالشیخ مولانا خلیل احمد ا مکسو حلۃ خلۃ الرحمٰن

بوسیلہ حضرت مولانا خلیل احمد کے۔ جو لباس ولایت الٰہی پہنے ہوئے ہیں۔

اور دوسرا شعر وہی حضرت مولانا رشید احمد صاحبؒ کے نام کا جو اوپر گذرا اور جو لوگ حضرت مولانا عبدالرحیم صاحبؒ سے بیعت ہیں۔ وہ شجرے کے شعر اول وثانی کے درمیان یہ دو شعر بڑھا لیں۔

فبسیّدی عبدالرحیم المقتدیٰ من فی عبادتہ علی الاتقان

بوسیلہ مولانا عبدالرحیم پیشوا کے۔ جو اپنی عبادت میں درجہ استواری پر ہیں

اور دوسرا شعر وہی مولانا رشید احمد صاحب کے نام کا ہے جو اوپر گذرا اور جو لوگ حضرت مولانا صدیق احمد صاحب سے بیعت ہیں وہ شجرہ کے شعر اول وثانی کے درمیان یہ دو شعر بڑھا لیں۔

فبحرمۃ الصدیق احمد شیخنا ہو شیخ اہل الصدق والایقان

بوسیلہ مولانا صدیق احمد ہمارے مرشد کے کہ وہ رہبر اہل صدق و یقین کے ہیں

اور دوسرا شعر وہی مولانا رشید احمد صاحب کے نام والا۔ آگے شجرہ تیسرے شعر یعنی وہ کاشف الظلمات سے ختم تک سب مذکورہ بالا سلسلے والوں کے لئے مشترک اور متحد ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا

مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

یا اللہ رحمت بھیج ہمارے سردار اور آقا محمدؐ اور آپ کی آل پر اور برکت اور سلام بھیج

یَادَائِمَ الْاِنْعَامِ وَالْاِحْسَانِ ۔ اِرْحَمْ عَلَی الْعَبْدِ الْفَقِیْرِ الْجَانِیْ

اے ہمیشہ انعام اور احسان کرنے والے۔ رحم کر بندہ محتاج خطا کار پر

جن کو ایک یا دو شعر بڑھانے ہوں وہ اس جگہ پر بڑھا لیں ۱۲

فَبِمُرْشِدِیْ غَوْثِ الْوَرٰی شَمْسِ الْهُدٰی ۔ مِقْدَامِ اَهْلِ الْعِشْقِ وَالْهَیَمَانِ

بوسیلہ میرے مرشد کے جو کہ غوث عالم اور آفتاب ہدایت ہیں اور اہل عشق وحیرت کے پیشوا ہیں

اَلشَّیْخِ اِمْدَادِ اللّٰهِ الْقُطْبِ الْعَلِیِّ ۔ اَلْجَاهِ ذِی التَّمْكِیْنِ وَالْعِرْفَانِ

یعنی شیخ امداد اللہ کے جو کہ قطب عالی مرتبہ ہیں اور صاحب تمکین اور صاحب عرفان ہیں

وَبِكَاشِفِ الظُّلُمَاتِ نُوْرِ مُحَمَّدٍ ۔ وَبِسَیِّدِیْ عَبْدِ الرَّحِیْمِ الْفَانِیْ

اور بوسیلہ اُن کے جو زائل کرنیوالے ہیں ظلمات (قلب) کے جن کا نام نور محمد ہے

اور بوسیلہ حضرت عبدالرحیم جو فانی فی اللہ تھے۔

وَبِعَبْدِ بَارِیْ ذَاكَ شَیْخُ شُیُوْخِنَا ۔ وَبِعَبْدِ هَادِیْ لِلزَّمَانِ اَمَانِ

اور بوسیلہ شاہ عبدالباری کے جو ہمارے پیر کے پیر ہیں اور بوسیلہ شاہ عبدالہادی جو

اہل زمانہ کے لئے موجب امان تھے۔

---

۵ الخاطی ۱۲ ۵ الحیرۃ من العشق

وَبِحَقِّ عَضُدِ الدِّیْنِ حَقِّ مُحَمَّدٍ وَمُحَمَّدِیِّ ظَاهِرِ الْبُرْهَانِ

اور بوسیلہ شاہ عضد الدین کے اور بوسیلہ شاہ محمد اور شاہ محمدی کے جن کی دلیل بزرگی کی، ظاہر تھی۔

وَبِحَقِّ مَوْلَانَا مُحِبِّ اللهِ مَنْ اَعْیَتْ مَدَائِحُهُ وَسِیْعَ بَیَانِ

اور بوسیلہ مولانا محب اللہ کے جو ایسے تھے کہ عاجز کر دیا اُنکے مناقب نے بیان وسیع کو

بِاَبِیْ سَعِیْدٍ مَاجِدٍ مُتَوَرِّعٍ بِنِظَامِ دِیْنٍ عَارِفٍ رَبَّانِیْ

اور بوسیلہ شاہ ابوسعید کے جو صاحب بزرگی اور صاحب ورع تھے۔ اور بوسیلہ شاہ نظام الدین کے جو کہ عارف ربانی تھے۔

بِجَلَالِ دِیْنٍ ذِیْ الْمَکَارِمِ وَالْعُلٰی وَبِعَبْدِ قُدُّوْسٍ عَظِیْمِ الشَّانِ

اور بوسیلہ مولانا جلال الدین کے جو صاحب بزرگی اور صاحب علو تھے۔ اور بوسیلہ شیخ عبد القدوس کے جو عظیم الشان تھے۔

بِمُحَمَّدٍ قُطْبِ الْوَرٰی وَبِعَارِفٍ هُوَ لِلْوَرٰی کَالْمَاءِ لِلظَّمْاٰنِ

اور بوسیلہ شیخ محمد قطب عالم کے اور بوسیلہ شیخ عارف کے جو خلائق کے لئے ایسے تھے جیسا پانی پیاسے کے لئے۔

وَبِحَقِّ عَبْدِ الْحَقِّ قُدِّسَ سِرُّهٗ بِجَلَالِ دِیْنٍ ذَاکَبِیْرِ اَوَانٍ

اور بوسیلہ شیخ عبد الحق قدس سرہ کے اور بوسیلہ شیخ جلال الدین جو اپنے وقت کے اکابر تھے۔

بِالشَّیْخِ شَمْسِ الدِّینِ قُدْوَۃِ عَصْرِہٖ بِعَلَاءِ دِیْنٍ صَابِرٍ حَقَّانِیْ

اور بوسیلہ شاہ شمس الدین کے جو مقتدا تھے اپنے زمانہ کے۔ اور بوسیلہ مخدوم علاء الدین صابر حقانی کے

بِفَرِیْدِ دِیْنِ الْحَقِّ عَمَّ فُیُوْضُہٗ وَبِقُطْبِ دِیْنٍ ذَاکَ قُطْبُ زَمَانٍ

اور بوسیلہ شیخ فریدالدین کے جن کے فیوض عام تھے۔ اور بوسیلہ شاہ قطب الدین کے جو قطب زمانہ تھے۔

بِمُعِیْنِ دِیْنِ اللّٰہِ صَاحِبِ سِرِّہٖ غَوْثِ الْوَرٰی وَبِسَیِّدِیْ عُثْمَانٍ

اور بوسیلہ خواجہ معین الدین کے جو محرم راز الٰہی تھے۔ اور غوث عالم تھے اور بوسیلہ خواجہ عثمان کے

وَبِحُرْمَۃِ الْحَاجِی الشَّرِیْفِ اِمَامِنَا بِالْخَوَاجَہ مَوْدُوْدٍ وَحِیْدِ زَمَانٍ

اور بوسیلہ حاجی شریف کے جو ہمارے پیشوا ہیں اور بوسیلہ خواجہ مودود کے جو یکتائے زمانہ تھے

وَبِسَیِّدِیْ کَہْفِ الْوَرٰی عَلَمِ الْہُدٰے بُوْیُوْسُفٍ فِی الْفَیْضِ کَالتَّہْتَانِ

اور بوسیلہ ہمارے حضرت پناہ عالم نشان ہدایت کے یعنی خواجہ ابو یوسف کے جو کہ فیض میں مثل باراں کے تھے۔

بِمُحَمَّدٍ ذِی الْمَجْدِ وَالْعَلْیَاءِ مَنْ قَدْ فَاقَ عِرْفَانًا عَلَی الْاَقْرَانِ

اور بوسیلہ محمد محترم کے جو صاحب بزرگی اور صاحب علو ہیں اور جو کہ فائق تھے عرفان میں اپنے ہم عصروں پر۔

وَبِحُرْمَةِ الشَّیْخِ الْکَرِیْمِ الْمُقْتَدٰی ... بُوْ اَحْمَدٍ فِی السِّرِّ وَالْاِعْلَانِ

اور بوسیلہ شیخ مکرم کے۔ یعنی ابواحمد ابدال کے جو کہ مقتدا تھے ظاہر و باطن میں

وَبِحَقِّ بُوْ اِسْحَاقَ مُرْشِدِ دَهْرِهٖ ... وَبِحَقِّ مُمْشَادِ عَلِیْمِ الثَّانِیْ

اور بوسیلہ شیخ ابواسحاق کے جو اپنے زمانہ کے مرشد تھے اور بوسیلہ خواجہ ممشاد کے جو لاثانی تھے۔

بِاَبِیْ هُبَیْرَةَ ذِی الْمَقَامِ الْعَالِیْ ... بِحُذَیْفَةَ هُوَ نُخْبَةُ الْاَعْیَانِ

اور بوسیلہ ابوہبیرہ بصری کے جو صاحب مقام عالی تھے۔ اور بوسیلہ حذیفہ مرعشی کے جو بزرگوں میں منتخب تھے۔

وَبِحَقِّ اِبْرَاهِیْمَ سُلْطَانِ الْوَرٰی ... بِفُضَیْلِ نِ الْهَادِیْ اِلَی الْاِحْسَانِ

اور بوسیلہ ابراہیم بن ادھم کے کہ سلطان خلق ہیں۔ اور بوسیلہ فضیل بن عیاض کے جو ہادی تھے راہ اخلاص کی طرف۔

وَبِحَقِّ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْفَرْدِ الَّذِیْ ... هُوَ فِی الْغَرَامِ کَطَافِحٍ سَکْرَانٖ

اور بوسیلہ خواجہ عبدالواحد کے کہ دکمال میں، یگانہ تھے اور جو کہ عشق الٰہی میں مثل پرجوش مست کے تھے۔

وَبِحَقِّ خَیْرِ الْاَصْفِیَآءِ اِمَامِهِمْ ... حَسَنٍ وَلَمْ یَرِ مِثْلَهُ الْعَیْنَانِ

اور بوسیلہ افضل الاولیاء اور امام الاولیاء کے۔ یعنی خواجہ حسن بصری کے اور ان کے مثل آنکھوں نے دیکھا۔

وَبِحَقِّ مَوْلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَمِيْرِهِمْ وَاِمَامِ اَهْلِ الدِّيْنِ وَالْاِيْمَانِ

اور بوسیلہ محبوب المومنین اور امیر المومنین کے اور امام اہل دین واہل ایمان کے

اَعْنِيْ عَلِيًّا خَيْرَ مَنْ فِيْ حِيْءِ الثَّرٰى مَاوَى الضِّعَافِ مُجَلِّي الْاَحْزَانِ

یعنی حضرت علیؓ کے جو اپنے وقت میں، تمام زمین پر چلنے والوں سے اچھے اور

پناہ تھے ضعیفوں کی اور زائل کرنے والے تھے ان کے غموں کے

وَبِحَقِّ سَيِّدِنَا النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ هُوَ لِلْخَلَائِقِ رَحْمَةُ الرَّحْمٰنِ

اور بوسیلہ ہمارے سردار نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو خلق کیلئے اللہ تعالیٰ کی رحمت تھے

مَنْ فَاقَ كُلَّ الْخَلْقِ فَضْلًا بَاذِخًا مَنْ دَ... مَجْدًا عَالَمَ الْاِمْكَانِ

آپ ایسے ہیں کہ تمام مخلوقات پر فائق ہیں اعلیٰ درجہ کے فضائل ہیں۔ اور

آپ ایسے ہیں کہ بزرگی میں تمام عالم امکان کے سردار ہیں۔

وَبِفَضْلِكَ الْجَمِّ الْعَمِيْمِ اِلٰهَنَا يَا غَافِرَ الذَّنْبِ وَالْعِصْيَانِ

اور بوسیلہ اپنے فضل کثیر اور عام کے اے ہمارے معبود۔ اے بخشنے والے گناہ

اور نافرمانی کے

قَدْ جَاءَ عَبْدُكَ بَاكِيًا مُسْتَصْرِخًا مُتَوَسِّلًا بِاُولٰئِكَ الْاَعْيَانِ

اب حاضر ہوا ہے تیرا بندہ روتا ہوا فریاد کرتا ہوا۔ اور توسل کرتا ہوا ان بزرگوں

کے ساتھ۔

لے فی زمانہ ۱۲ ۔ سلہ عالیا ۱۲

فَاغْفِرْ خَطَایَاہُ وَطَہِّرْ قَلْبَہٗ عَنْ مَاسِوَاکَ اَیَا رَجَاءَ الْعَانِیْ

سو بخش دے اُس کی خطائیں اور پاک کر دے اُس کا دل۔ اپنے ماسوا سے اے امید گاہ گرفتار بلا کے۔

سَلِّطْ عَلَیْہِ الْعِشْقَ حَتّٰی لَا یَرٰی مَوْلَایَ غَیْرَکَ کَائِنًا بِمَکَانٖ

مسلط کر دے اُس پر اپنا عشق اس طرح سے کہ وہ دیکھنے نہ پاوے۔ تیرے غیر کو خواہ وہ کہیں ہو اے میرے مولیٰ۔

ثُمَّ السَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ الْمُصْطَفٰی خَیْرِ الْوَرٰی وَرَسُوْلِکَ الْعَدْنَانِیْ

آخر میں سلام بھیجتا ہوں نبی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر۔ جو خیر الخلائق ہیں اور اپنی عدنان میں سے تیرے رسول ہیں۔

دُرود شریف نعتیہ

منظوم بہ ترجمہ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب مدظلہم

صَلِّ یَا رَبِّ عَلٰی رَأْسِ فَرِیْقِ النَّاسِ مِنْہُ لِلْخَلْقِ اَمَانٌ بِزَمَانِ الْبَاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار آدمیوں کے گروہ کے سردار پر جن سے خلقت کو امن ہے زمانہ شدت میں

صَلِّ یَا رَبِّ عَلٰی مَنْ ھُوَ فِیْ حَرِّ غَدٍ کُلَّ مَنْ ظَمَا یُسْقِیْہِ رَحِیْقَ الْکَاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار اس ذات پر کہ قیامت کی گرمی میں جو پیاسا ہو گا وہ اُسکو شراب طہور پیالہ کی پلاویں گے۔

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی مَنْ بِرَجَاءِ الْکَرَمِ   خَصَّ مَنْ جَاءَ اِلَیْہِ بِعُمُوْمِ النَّاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار اس ذات پر جنہوں نے امید کرم کے ساتھ خاص فرمایا ہے ہر شخص کو جو آپ کے حاضر ہوا عام لوگوں کے لئے۔

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی مُوْنِسِ کُلِّ الْبَشَرِ   مُبْدِلِ الْوَحْشَۃِ فِی الْقَبْرِ بِاِسْتِنَاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار تمام لوگوں کے مونس پر جو وحشت کو قبر میں مبدل بانس کرنیوالی ہیں

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی رُوْحِ رَئِیْسِ الرُّسُلِ   نَقْتَدِیْ نَحْنُ عَلٰی اَرْجُلِہٖ بِالرَّاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار رئیس الرسل کی روح پر جن کے قدموں پر ہم چلتے ہیں سر کے بل

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی ذِیْ نِعَمٍ دَائِمَۃٍ   اَنْعَمَ الْیَوْمَ عَلَی الْخَیْرِ بِلَا مِقْیَاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار دائمی نعمتوں والے پر جنہوں نے انعام فرمایا خیر پر بے حساب

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی صَاحِبِ شَرْعٍ حَسَنٍ   فَرَّقَ النَّاسَ مَتٰی جَاءَ مِنَ النَّسْنَاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار اچھی شریعت والے پر جنہوں نے بھلے آدمیوں کو برے آدمیوں سے متمیز کر دیا۔

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی ذِیْ کَرَمٍ اُمَّتُہٗ   تَدْخُلُ الْجَنَّۃَ فِی الْحَشْرِ بِلَا وَسْوَاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار صاحب کرم پر جن کی امت داخل جنت ہو گی حشر میں بلا وسواس

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی مَنْ ھُوَ لَوْلَاہُ لَمَا   یَشْمَلُ النَّامِیَۃُ الْکَوْنَ مَعَ الْحَسَّاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار اس ذات پر کہ اگر وہ نہ ہوتے تو شامل نہ ہوتی قوت نامیہ عالم کو مع قوت حساس۔

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی مَنْ هُوَ مِنْ عِصْمَتِهٖ یَعْصِمُ الْحَقُّ مُحِبِّیهِ مِنَ الْخَنَّاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار اس ذات پر جن کے معصوم ہونے کی برکت سے بچالیتے ہیں حق تعالےٰ اُن کے محبین کو خناس سے

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی مَنْ هُوَ مَنْ عَاذَ بِهٖ لَمْ تَصِلْ قَطُّ اِلَیْهِ یَدُ الْوَسْوَاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار اُس ذات پر کہ جو شخص ان کی پناہ لیتے ہیں نہیں پہونچ سکتے اس تک ہاتھ شیطان کے۔

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی مَنْ هُوَ مِنْ بَارِقَةِ السَّیْفِ قَدْ اَذْهَبَ قَطْعًا بَصَرَ الشَّمَّاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار اُس ذات پر جنہوں نے تلوار کی چمک سے۔ بیکار ی کردی بالکلیہ آنکھ آفتاب پرست کی۔

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی مَنْ حَبَانَوْعَ الشَّرَفِ مَیَّزَ النَّاسُ بِهِ الْفَضْلَ مِنَ الْاَجْنَاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار اُس ذات پر جن کو شرف کی ایسی نوع حاصل ہے جسکی وجہ سے لوگوں نے فضل کو اجناس سے جدا کردیا۔

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی مَنْ نَخِیْلِ الْکَرَمِ فِیْ رِیَاضِ الْاُمَمِ الْیَوْمَ لَنَا الْغَرَّاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار اس ذات پر جو کہ درخت کرم کے۔ باغ امت میں آج ہمارے لئے لگانے والے ہیں۔

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی مَنْ بِغِنَاءِ الْکَرَمِ مِنْ بُیُوْتِ الْفُقَرَاءِ یُذْهِبُ بِالْاِفْلَاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار اُس ذات پر جو کہ کرم کی تونگری سے افلاس کو دور کرنیوالے ہیں

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی عِتْرَتِہِ الطَّاھِرَۃِ وَعَلَی الصَّحْبِ مَعَ الْحَمْزَۃِ وَالْعَبَّاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار آپ کی آل پاک پر اور اصحاب پر مع حضرت حمزہ و حضرت عباس کے

صَلِّ یَارَبِّ عَلٰی مَنْ لِاُوَیْسٍ مِّنْہُ طُھِّرَ الْقَالِبُ وَالْقَلْبُ مِنَ الْاَدْنَاسِ

رحمت بھیج اے پروردگار اس ذات پر کہ اویس کا ان سے جسم اور قلب سب میل اور کچیل سے صاف ہو گیا۔

شجرہ مختصرہ منظومہ حضرت شاہ حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکہ قدس سرہٗ

حمد ہے سب تیری ذات کبریا کے واسطے	اور درود و نعت ختم الانبیاء کے واسطے
اور سب اصحاب آل مجتبیٰ کے واسطے	رحم کر مجھ پر الٰہی اولیاء کے واسطے
بالخصوص ان اولیاء باصفا کے واسطے	مولوی اشرف علی شمس الہدیٰ کے واسطے
حاجی امداد اللہ ذوالعطا کے واسطے	حضرت نور محمد پرضیا کے واسطے
حاجی عبد الرحیم اہل غزا کے واسطے	شیخ عبد الباری شہ بے ریا کے واسطے
شاہ عبد الہادی پیر ہدیٰ کے واسطے	شہ عضد الدین عزیز دوسرا کے واسطے
شہ محمد اور محمدی تقیا کے واسطے	شہ محب اللہ شیخ باصفا کے واسطے
بو سعید اسعد اہل ورا کے واسطے	شہ نظام الدین بلخی مقتدا کے واسطے

نوٹ: یہ شجرہ ایک محقق سلسلہ نے منتسبین حضرت حکیم الامت مجدد الملۃ مولانا شاہ اشرف علی صاحب دام ظلہم العالی کے پڑھنے کے لئے بڑھا دیا ہے ۱۲ سید احمد مالک کتب خانہ اعزازیہ دیوبند

شہ نظام[13] الدین جلیل اصفیا کیواسطے
عبد القدوس[14] شہ صدق و صفا کیواسطے

اے خدا شیخ محمد[15] رہنما کے واسطے
شیخ احمد[16] عارف صاحب عطا کے واسطے

احمد عبد الحق[17] شہ ملک بقا کے واسطے
شہ جلال[18] الدین کبیر اولیا کے واسطے

شیخ شمس[19] الدین ترک باضیا کیواسطے
شیخ علاء[20] الدین صابر بارضا کیواسطے

شہ فرید[21] الدین شکر گنج بقا کیواسطے
خواجہ قطب[22] الدین مقتول و لا کیواسطے

شہ معین[23] الدین حبیب کبریا کیواسطے
خواجہ عثمان[24] باشرم و حیا کیواسطے

شہ شریف[25] زندنی با اتقا کیواسطے
خواجہ مودود[26] چشتی پارسا کیواسطے

شہ بویوسف[27] شہ شاہ و گدا کیواسطے
بو محمد[28] محترم رشد و ولا کیواسطے

احمد[29] ابدال چشتی با سخا کیواسطے
شیخ ابو اسحاق[30] شامی خوش ادا کیواسطے

خواجہ ممشاد[31] علوی بو العلا کیواسطے
بو ہبیرہ[32] شاہ بصری پیشوا کیواسطے

شیخ حذیفہ[33] مرعشی شاہ صفا کیواسطے
شیخ ابراہیم[34] ادہم بادشاہ کیواسطے

شہ فضیل[35] ابن عیاض اہل دعا کیواسطے
خواجہ عبد الواحد[36] بن زید شا کیواسطے

شیخ حسن[37] بصری امام اولیا کیواسطے
ہادی عالم علی[38] مشکل کشا کیواسطے

سرور عالم محمد مصطفےٰ کیواسطے
یا الٰہی اپنی ذات کبریا کیواسطے

یاد حق اپنے عاشقان باوفا کیواسطے
یارب اپنے رحم و احسان و عطا کیواسطے

کر رہائی کا سبب اس مبتلا کیواسطے
کون ہے تیرے سوا مجھ بینوا کیواسطے

ہے عبادت کا سہارا عابد دل کیواسطے
ہے عصا آہ مجھ بے دست و پا کیواسطے

بخش وہ نعمت جو کام آوے سارا کیواسطے

اپنے لطف و رحمت بے انتہا کیواسطے

شجرہ منظومہ حضرت مولانا رشید احمد صاحب قدس سرہٗ

سیدی شیخی[1] رشید احمد امام وقت خویش ... وہ مرا صادق یقین از بہر جاہش اے غنی

بہر امداد و بنور حضرت عبد الرحیم ... عبد باری عبد ہادی عضد دین ملی دلی

ہم محمدی و محب اللہ و شاہ بو سعید ... ہم نظام الدین جلال عبد قدوس احمدی

ہم محمد عارف و ہم عبد حق شیخ جلال ... شمس دین ترک و علاء الدین فرید جود ہی

قطب دین و ہم معین الدین و عثمان شریف ... ہم ممودود و ابو یوسف محمد احمدی

بو سحاق و ہم ممشاد و ہبیرہ نامور ... ہم حذیفہ و ابن ادہم ہم فضیل مرشدی

عبد واحد ہم حسن بصری علی فخر دین ... سید الکونین فخر العلمین بشریٰ نبی

پاک کن قلب مرا تو از خیال غیر خویش

بہر ذات خود شفا یم دہ از امراض دلی

---

[1] یہ شعر مولوی صادق الیقین صاحب کی خواہش کے موافق بڑھایا گیا ہے اور ان کے سلسلہ کے لئے مناسب ہے ۱۲

اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ

للہ الحمد کہ دعا متبرکہ الہامی کہ در خاندان حضرت امام العرب والعجم مقبول حضرۃ اللہ حاجی حافظ شاہ امداد اللہ صاحب چشتی قادری نقشبندی سہروردی نور اللہ تعالیٰ مرقدہ رواج یافتہ مسمیٰ بہ

حزب البحر

مرتبہ

خادم العلماء والفقراء سید احمد حسن چشتی خاکپائے نعال حضرت علامہ زمان قطب دوران مولانا شاہ حاجی حافظ قاری مولوی اشرف علی دام ظلہم العالی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اما بعد حمد و صلوٰۃ کے احقر الزمن ... السید احمد حسن چشتی متوطن سنبھل ضلع مراد آباد محلہ متولیاں مسلمانوں کی خدمت میں گذارش کرتا ہے کہ دعائے حزب البحر جو حضرت قطب الاقطاب غوث الاغواث سیدنا و مولانا شاہ ابوالحسن شاذلی قدس سرہ پر الہام ہوئی تھی مشائخ کبار نے برائے تحصیل برکات اس کے پڑھنے اور طالبوں کو اس کے پڑھنے کی اجازت دینے کا مشغلہ رکھا۔ لیکن یہ دعا ہر خاندان مشائخ میں مختلف طریقوں سے پڑھی جاتی ہے۔ میں نے ان حضرات کی سہولت کی نیت سے جو

حضرت حاجی صاحب قبلہ قدس سرہٗ کے طریق پر پڑھنا چاہتے ہیں
نیز اس نیت سے کہ یہ طریقہ سنت کے بالکل موافق ہے اس دعا کو معہ
چند فوائد ضروریہ ترتیب دیا۔ حق تعالیٰ قبول فرمائیں اور طالبوں کے
مقاصد اس دعا کی برکت سے برلائیں۔ آمین۔

(تنبیہ) یہ دعا بیشک متبرکہ ہے لیکن احادیث و قرآن مجید میں
جو دعائیں وارد ہوئی ہیں ان کا رتبہ اور اثر اس سے کہیں اعلیٰ ہے
خوب یاد رکھو لوگ اس میں بڑی غلطی کرتے ہیں۔

ترجمہ شان ظہور دعائے حزب البحر

معتبر علماء نے بیان کیا ہے کہ حضرت شیخ
ابوالحسن شاذلی شہر قاہرہ میں تھے کہ حج کے
دن قریب آگئے شیخ رحمہ اللہ نے اُن ایام
میں اپنے دوستوں سے فرمایا کہ ہم کو اس
سال غیب سے حج کرنے کا حکم ہوا ہے
جہاز تلاش کرو۔ دوستوں (مریدوں) کو
بہت تلاش کے بعد ایک بوڑھے عیسائی
کے جہاز کے سوا اور کوئی جہاز نہ ملا۔ سب

شان ظہور دعائے حزب البحر

حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہٗ
شرح حزب البحر میں اسکے متعلق
اس طرح تحریر فرماتے ہیں ثقات
نقل کردہ اند کہ شیخ ابوالحسن شاذلی
در قاہرہ بود ایام حج نزدیک رسیدہ
درآں حالت یاران خود را فرمود
کہ از جانب غیب اشارہ رفتہ است
باآنکہ امسال حج گذاریم مرکب طلب

اسی جہاز میں سوار ہو گئے جب بادبان
اُٹھا دیا تو قاہرہ کی آبادی سے نکلتے ہی مخالف
ہوا چلنے لگی اور ایک ہفتہ تک قاہرہ کے
قریب اس طرح ٹھیرے رہے کہ قاہرہ کے
پہاڑ دکھائی دیتے تھے۔ مخالف لوگ طعنے
دینے لگے کہ شیخؒ فرماتے ہیں مجکو غیب سے
حج کا حکم کیا گیا ہے اور حالت یہ ہے کہ حج
کا وقت قریب آگیا اور ہم مخالف ہوا میں پھنسے
ہوئے ہیں۔ یہ بات شیخؒ کی دلی بےچینی
کا باعث ہوئی مگر وہ ضبط کی قوت سے پی
جاتے تھے اتفاقاً شیخؒ دوپہر کو سو رہے تھے
(قیلولہ فرما رہے تھے) کہ خدا نے ان کو اس
دعا کا الہام کیا شیخؒ نے نیند سے اُٹھ کر یہ دعا
پڑھنی شروع کی اور جہاز کے افسر کو بُلا کر
فرمایا کہ خدا کے بھروسے پر بادبان اٹھا دے
اُس نے جواب دیا کہ اگر ہم بادبان اُٹھا
دینگے تو ہوا اُسی وقت ہمارا منہ پھیر دے گی

کنید۔ یاران ہر چند طلب کردند
نیافتند الا مرکب پیرے نصرانی مرد ہماں
مرکب سوار شدند چوں بادبان
بر داشتند و از عمارت قاہرہ گذشتہ
شد باد مخالف وزیدن گرفت و
یک جمعہ بوجھے کہ جبال قاہرہ در
نظر می آمد توقف افتاد منکران
زبان طعن کشادند کہ شیخ میگوید مرا
اشارہ حج شدہ است حالانکہ
وقت نزدیک رسید و ما اینجا در باد
مخالف افتادہ ایم ایں معنی سبب
قلق خاطر شیخ شد لیکن بقوت رازینہ
آنرا فرو میخورد اتفاقاً شیخ در قیلولہ
بود کہ باایں دعا ملہم شد از خواب
بیدار شد و ایں دعا خواندن
گرفت و رئیس مرکب را طلب کرد و
گفت علیٰ برکۃ اللہ بادبان بردار

اور ہم کو قاہرہ میں پہنچا دے گی۔ شیخ نے
فرمایا کہ تو دل میں دھکڑ پکڑ مت کر ہم
جو کچھ کہتے ہیں اُس پر عمل کر اور خدا کی عجیب
مہربانی دیکھ جونہی بادبان اُٹھایا۔ وہیں
موافق ہوا زور شور سے چلنے لگی۔ یہانتک
کہ اُس رسّی کو جس کے ساتھ جہاز کو میخ
سے باندھ رکھا تھا کھول نہ سکے (ناچار)
اُس کو کاٹ دیا اور جلدی امن و امان اور
سلامتی کے ساتھ مُبارک مقصد پر پہنچ گئے
بوڑھے عیسائی کے بیٹے مسلمان ہو گئے،
اور وہ دل میں بہت غمگین ہوا۔ رات کو
اُس نے خواب میں دیکھا کہ شیخ ایک بڑی
جماعت کے ساتھ بہشت میں تشریف لیے
جا رہے ہیں اور اُس کے لڑکے بھی شیخ کے
ساتھ جا رہے ہیں اس نے اپنے بیٹوں
کے پیچھے جانا چاہا مگر فرشتوں نے جھڑکا کہ
تو ان لوگوں کے دین والوں میں سے نہیں ہے

گفت اگر برداریم ہمیں ساعت باد
بر روئے ما زند و ما را بقاہرہ رساند
شیخ گفت وسوسہ را بخاطر راہ مدہ
و ہر چہ میگوئیم بعمل آر و عجیب صنع
الٰہی تماشا کن بادبان برداشتن
ہماں بود و وزیدن باد موافق
بقوت تمام ہماں تا آنکہ رسنے
کہ کشتی را باآں بر میخ بستہ بودند
نتوانستند کشاد آں را بریدہ و بسرعت
ہر چہ تمامتر مصحوب عافیت و بسر و سلامت
بہ مقصد مبارک رسیدند پسران پیر
نصرانی مسلمان شدند و آں پیر
نصرانی آزردہ خاطر گشت شبانگاہ
بخواب دید کہ شیخ با جماعت عظیمہ
بہ بہشت میرود فرزندان او ہمراہ
شیخ می روند خواست کہ در پے
فرزندان خود رود ملائکہ زجر کردند

ان سے تیرا کیا مطلب۔ صبح کے وقت خدا کی ہدایت اُس کی مددگار ہوئی اور اُس نے کلمۂ توحید پڑھ لیا اور رہتے رہتے اُس کا مرتبہ یہاں تک پہنچ گیا کہ وہ بڑے رباطنی مقامات والا ہوگیا اور اُس طرف کے لوگ اُس کی نزدیکی اور صحبت کے طالب ہونے لگے

کہ از اہل دین ایشان نیستی بااِیشان چہ کار داری وقت صبح ہدایت الٰہی درکار او شد کلمۂ اسلام خواند در رفتہ رفتہ کار بجائے رسید کہ صاحب مقامات عالیہ گشت و اہل آں ناحیہ باو تقرب مے جستند۔

بیان اجازت

جاننا چاہیئے کہ وظائف کی اجازت حضرات مشائخ سے حاصل کرنا موجب برکت ہے وجہ یہ ہے کہ اجازت طلب کرنے سے اُن حضرات کو اجازت کے طالب کے ساتھ خاص توجہ ہو جاتی ہے جس سے ظاہری نفع یعنی حصول مطلوب کے لیئے وہ دعا فرماتے ہیں نیز باطنی برکت یعنی خدائے تعالیٰ کا نام لینے سے جو اثر قلب میں ہوتا ہے اُس طرف بھی وہ حضرات توجہ ودُعا فرماتے ہیں اور اگر وظائف بغیر اجازت پڑھے جائیں خواہ بطریق دعا یا بطریق ذکر تو ثواب تو ہوتا ہے اور مقصود بھی بر آتا ہے اور اثر باطنی بھی ہوتا ہے مگر اثر باطنی میں کمی ہوتی ہے اور یہ امر تجربہ سے ثابت ہے اور دیگر ثمرات میں بھی کمی کا اندیشہ ہے لیکن تحصیل اجازت

شرعاً واجب نہیں ہے خوب سمجھ لو اور بندہ کو اس کے پڑھنے کی اجازت حضرت مرشدی و مطلوبی مولانا شاہ اشرف علی صاحب مدظلہم العالی نے مرحمت فرمائی ہے اور آنجناب کو حضرت قبلہ و کعبہ حاجی صاحب قدس سرہٗ نے مرحمت فرمائی۔ اور حضرت حاجی صاحب نور اللہ مرقدہٗ کو ایک بزرگ سے جو حضرت مولانا شاہ ابوالحسن شاذلی قدس سرہٗ کی اولاد میں تھے، اجازت حاصل ہے جس کا مفصل تذکرہ حضرت والا کے بعض رسائل میں ہو چکا ہے۔

طریق زکوٰۃ[1] حزب البحر

ماہ صفر کی ۶، ۷، و ۸ تاریخ روزے رکھے اور بطریق سنت تینوں روز معتکف رہے اور تین بار اس طرح کہ بعد مغرب ایک بار اور بعد عشا ایک بار بعد نماز چاشت ایک بار روزمرہ تین دن تک یعنی مذکورہ تاریخوں میں پڑھے اور اس سے فارغ ہونے کے بعد (یعنی ۸ صفر کے بعد جو رات ہو اس کی مغرب بعد) چند مساکین کو اپنے ہمراہ کھانا کھلائے۔ پھر روزمرہ ایک بار پڑھا کرے اس کے لئے بعد مغرب کا وقت بہتر ہے آئندہ

[1] یہاں زکوٰۃ سے مراد کسی وظیفہ کا خاص طریقہ سے پڑھنا ہے اس طرح سے اس وظیفہ میں اثر زیادہ ہو جاتا ہے ۱۲

اختیار ہے جو وقت چاہے مقرر کرے لیکن روزمرہ ایک ہی وقت پڑھے
ہاں کسی روز خاص وقت کوئی عذر ہو جائے تو کسی دوسرے وقت پڑھ
لے زکوٰۃ کے طور اس دعا کا پڑھنا ۸ صفر کی چاشت کے بعد ختم ہو جائیگا
اور ۵ صفر کے بعد جو شب آئے گی جب سے شرعاً ۶ صفر شروع ہو گی
اور اس شب کی مغرب کے بعد زکوٰۃ کی نیت سے حزب البحر پڑھنا
شروع ہوگا۔ اعتکاف کے مسائل بہشتی گوہر و بہشتی زیور میں موجود ہیں
اگر عورت پڑھنا چاہے وہ بھی اعتکاف کرے اُس قاعدے سے جو
بہشتی زیور میں مذکور ہے اور اس طریق میں نہ ترک حیوانات ہے نہ
کسی اور طرح کا خطرہ ہے سنت کے موافق سہل عمدہ طریقہ ہے حضرت
قبلہ حاجی صاحب فرماتے تھے کہ بڑا مطلوب رضائے الٰہی ہے اُسے
طلب کرے اور جہاں جہاں مقہوری اعداء کا تصور ہے شیطان کا خیال
کرے اور یہ بھی فرماتے تھے کہ اس دُعا کے پڑھنے سے روزی سے اطمینان
میسر ہوتا ہے مگر اس نیت سے کبھی نہ پڑھے اور جمعیت حاصل ہوتی
ہے نقلہ عنہ مرشدی سلمہ اللہ القوی۔ حضرت مرشدی نے فرمایا کہ ایام زکوٰۃ
میں مطلب فقط رضائے الٰہی رکھے اس کے بعد جو روزمرہ پڑھے اس
میں جو خاص مطلوب ہو مثلاً وسعت رزق وغیرہ اس کا خیال رکھے
بندہ کہتا ہے کہ دعا میں متعدد مطالب بھی متضمن ہیں اسلئے رضائے الٰہی

کو ہر مطلب کے ساتھ شامل رکھے اور اس طریق میں اعتصام اور اختتام بھی نہیں پڑھا جاتا ہے اور وہ مؤلف حزب البحر سے منقول نہیں ہے اور کسی نے شامل کر دیا ہے۔

واضح ہو کہ جس دنیا کے حاصل کرنے کی مذمت وارد ہوئی ہے اس قدر حصول دنیا اور کسی خلاف شرع کام کے لئے اس دعا کو نہ پڑھے اس لئے کہ خلاف شرع کاموں کا طلب کرنا گناہ ہے۔ مجھ کو حضرت پیر و مرشد سے جو طریقہ اس دعا کے پڑھنے کا حاصل ہوا ہے وہ بہت توضیح سے تحریر کر دیا گیا اب دعائے حزب البحر شروع ہوتی ہے اسکے شروع سے پہلے اعوذ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا	اے برتر اے بزرگ اے بردبار
عَلِيْمُ اَنْتَ رَبِّيْ وَعِلْمُكَ حَسْبِيْ	اے دانا تو ہی میرا پروردگار ہے اور تیرا ہی علم مجھ کو کافی ہے۔ پس
فَنِعْمَ الرَّبُّ رَبِّيْ وَنِعْمَ الْحَسْبُ	اچھا پروردگار میرا پروردگار ہے اور اچھا کافی میرا کافی ہے۔ غالب کرتا
حَسْبِيْ تَنْصُرُ مَنْ تَشَاءُ وَاَنْتَ	ہے تو جس کو چاہے اور تو ہی

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ نَسْئَلُكَ الْعِصْمَةَ	غالب اور رحم والا ہے ۔ سوال
فِى الْحَرَكَاتِ وَالسَّكَنَاتِ	کرتے ہیں ہم تجھ سے حفاظت کا
	حرکات اور سکنات اور بول چال
وَالْكَلِمَاتِ وَالْاِرَادَاتِ وَالْخَطَرَاتِ	اور الفاظ اور ارادوں اور خیالات
مِنَ الظُّنُوْنِ وَالشُّكُوْكِ	میں جو از جنس گمان اور شک اور
	وہموں سے ہوں جو دلوں پر حجاب
وَالْاَوْهَامِ السَّاتِرَةِ لِلْقُلُوْبِ	بن جانے والے ہیں پوشیدہ
	باتوں پر اطلاع پانے سے کہ مومنین
عَنْ مُطَالَعَةِ الْغُيُوْبِ فَقَدِ ابْتُلِىَ	بیشک امتحان میں پڑ گئے ہیں اور
الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا	ہلائے گئے ہیں سخت ہلایا جانا ۔

اس جگہ یعنی شَدِيْدًا پڑھنے میں داہنی انگشت شہادت سے آسمان کی طرف اشارہ کرے ۔

وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ	اور جبکہ کہتے تھے منافق اور وہ
	لوگ جن کے دلوں میں روگ ہے
فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا	کہ ہم کو اللہ اور اس کے رسول
اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا	نے نہیں وعدہ کیا تھا مگر دھوکے کا ۔

فَثَبِّتْنَا وَانْصُرْنَا — پس ہم کو ثابت قدم رکھ اور غلبہ دے

اس جگہ یعنی اُنْصُرْنَا پڑھنے میں مطلب کا دل میں خیال کرے۔

وَسَخِّرْ لَنَا هٰذَا الْبَحْرَ كَمَا سَخَّرْتَ	اور ہمارے کار آمد کر دے اس
	دریا کو جیسا کہ کار آمد کر دیا تھا
الْبَحْرَ لِمُوسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ	دریا کو موسیٰ علیہ السلام کے
سَخَّرْتَ النَّارَ لِاِبْرَاهِيْمَ	لئے اور کار آمد کر دیا تھا آگ
	کو ابراہیم علیہ السلام کے لئے
عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ الْجِبَالَ	اور تابع کر دیا تھا پہاڑوں اور
وَالْحَدِيْدَ لِدَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ	لوہے کو داؤد علیہ السلام کے لئے
وَسَخَّرْتَ الرِّيْحَ وَالشَّيٰطِيْنَ وَالْجِنَّ	اور حکم میں کر دیا تھا ہوا اور
	شیاطین اور جنوں کو سلیمان
لِسُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَخِّرْ لَنَا	علیہ السلام کے لئے اور ہمارے
كُلَّ بَحْرٍ هُوَ لَكَ فِي الْاَرْضِ	کار آمد کر دے اپنے اُس دریا
وَالسَّمَآءِ وَالْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ	کو جو زمین میں اور آسمان میں اور
	ملک اور جہان میں ہو اور دنیا
وَبَحْرَ الدُّنْيَا وَبَحْرَ الْاٰخِرَةِ	کے دریا کو اور آخرت کے دریا
وَسَخِّرْ لَنَا كُلَّ شَيْءٍ	کو اور ہمارے کار آمد کر دے ہر چیز کو

يَامَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ
كٓهٰيٰعٓصٓ كٓهٰيٰعٓصٓ كٓهٰيٰعٓصٓ

اے وہ ذات کہ اسی کے قبضہ میں ہے ملکیت ہر چیز کی
کہیعص کہیعص کہیعص

اس کلمہ کو تین بار لکھا گیا۔ اس لئے کہ تین بار پڑھا جاتا ہے اسکے اوّل دفعہ پڑھنے میں ہر حرف کے ساتھ انگلیاں داہنے ہاتھ کی بند کرلے اس طرح کہ اول حرف کے ساتھ چھنگلیا پھر دوسرے حرف کے ساتھ چھنگلیا کے قریب کی انگشت تیسرے حرف کے ساتھ بیچ کی انگلی چوتھے کے ساتھ انگلی شہادت کی پانچویں کے ساتھ انگوٹھا بند کرے اور اسی طرح بند رکھے پھر دوسرے کٓهٰيٰعٓصٓ کے ساتھ اسی ترتیب سے کھول دے پھر تیسرے کٓهٰيٰعٓصٓ کے ساتھ بند کرے [اُنْصُرْنَا] یہاں پر یعنی انصرنا پڑھنے میں پہلی انگلی یعنی چھنگلیا کھول دے۔

فَاِنَّكَ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ وَافْتَحْ لَنَا کیونکہ تو سب سے بہتر مدد کرنے والا ہے اور ہم کو فتح دے۔

یہاں اُسی طرح دوسری انگلی کھول دے۔

فَاِنَّكَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا کیونکہ تو سب سے بہتر فتح دینے والا ہے اور بخش ہم کو۔

یہاں تیسری انگلی کھول دے۔

فَاِنَّکَ خَیْرُ الْغَافِرِیْنَ وَارْحَمْنَا

کیونکہ تو سب سے بہتر بخشنے والا ہی اور رحم کر ہم پر۔

یہاں چوتھی انگلی کھول دے۔

فَاِنَّکَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ وَارْزُقْنَا

کیونکہ تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے اور ہم کو روزی دے۔

یہاں پانچویں انگلی کھولے اور ترتیب کھولنے کی وہی ہے۔ جو بند کرنے کی ہے۔

فَاِنَّکَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ وَاحْفَظْنَا
فَاِنَّکَ خَیْرُ الْحٰفِظِیْنَ وَاھْدِنَا
وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ وَ
ھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رِیْحًا طَیِّبَۃً
کَمَا ھِیَ فِیْ عِلْمِکَ وَانْشُرْھَا
عَلَیْنَا مِنْ خَزَآئِنِ رَحْمَتِکَ
وَاحْمِلْنَا بِھَا حَمْلَ الْکَرَامَۃِ

کیونکہ تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے اور ہماری حفاظت کر کیونکہ تو سب سے بہتر حفاظت کرنے والا ہے اور ہم کو ہدایت کر اور ہم کو ظالموں کی قوم سے بچا اور عنایت کر ہم کو اپنے پاس سے ایک اچھی ہوا جیسی کہ وہ تیرے علم میں ہے اور چلا اُس کو ہم پر اپنی رحمت کے خزانوں میں سے اور لے چل ہم کو اُس کے ذریعہ سے لے چلنا عزت کا

وَمَعَ السَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ	اور دین اور دنیا اور آخرت کے
فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ	امن چین کے ساتھ کیونکہ تو ہر چیز
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ	پر قادر ہے۔ اے اللہ آسان
اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لَنَا اُمُوْرَنَا	کر ہمارے لئے ہمارے تمام
	کام۔

یہاں پر یعنی اُمُوْرَنَا پڑھنے میں مطلب کا دل میں خیال رکھے۔

مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا	دلوں اور بدنوں کے چین کے
وَالسَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ فِيْ دِيْنِنَا وَ	ساتھ اور سلامتی اور امن کے ساتھ
دُنْيَانَا وَكُنْ صَاحِبَنَا فِيْ سَفَرِنَا	ہمارے دین اور دنیا میں اور وہ
وَخَلِيْفَةً فِيْ اَهْلِنَا وَاطْمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ	ہمارا ساتھی سفر میں اور ہمارے
	پیچھے محافظ ہمارے گھر بار میں اور
	بگاڑ دے مونہہ

اس جگہ یعنے وُجُوْہِ پڑھنے میں بہ تصور اعدا داہنے ہاتھ کی مٹھی باندھ کر پیچھے کو اشارہ کرے اور کھول دے۔

اَعْدَآئِنَا وَامْسَخْهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ	ہمارے دشمنوں کے اور ان کو مسخ
فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ الْمُضِيَّ وَلَا	کردے ان کی جگہ پر کہ نہ طاقت
	رکھیں وہ ہم پر گذر کی اور نہ ہماری

الْمَجِیْئَ اِلَیْنَا وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا
عَلٰٓی اَعْیُنِہِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ
فَاَنّٰی یُبْصِرُوْنَ ۝ وَلَوْ نَشَآءُ
لَمَسَخْنٰہُمْ عَلٰی مَکَانَتِہِمْ
فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِیًّا
وَّلَا یَرْجِعُوْنَ ۝ یٰسٓ ۝
وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۝ اِنَّکَ لَمِنَ
الْمُرْسَلِیْنَ ۝ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝
تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ۝
لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُہُمْ
فَہُمْ غٰفِلُوْنَ ۝ لَقَدْ
حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓی اَکْثَرِہِمْ
فَہُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّا

طرف آنے کی (جیسا کہ تو نے فرمایا
ہے) کہ اگر چاہیں تو ہم انکی آنکھوں
کو پٹ کر دیں کہ وہ راستہ کی
طرف دوڑتے پھریں پھر کہاں دیکھ
سکتے ہیں اور اگر چاہیں تو مسخ کر
دیں ان کو ان کی جگہ پر پھر نہ طاقت
رکھیں وہ وہاں سے چلے جانے
کی اور نہ لوٹ سکیں۔ یس قسم
ہے قرآن محکم کی بیشک آپ
پیغمبروں میں سے ہیں۔ سیدھے
راستہ پر یہ قرآن اوتارا ہوا ہے
(خدائے) غالب اور رحیم کا۔ تاکہ
ڈرائیں آپ اس قوم کو کہ ان کی
پہلی نسلیں نہیں ڈرائی گئیں۔
اس وجہ سے وہ غافل ہیں سچی
ہو چکی ہے (خدائے تعالیٰ کی) بات
ان میں بہتوں پر پھر بھی یہ ایمان

جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا — نہیں لاتے ہم نے ڈال دیے ہیں
فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ — ان کی گردنوں میں طوق کہ وہ
مُّقْمَحُوْنَ ٥ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ — ٹھڈیوں تک ہیں پس ان کے
اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ — سر اوبل گئے ہیں اور قائم کر دی
سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا — ہے ہم نے سامنے ان کے ایک
يُبْصِرُوْنَ ٥ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ — دیوار اور پیچھے اُن کے ایک دیوار
شَاهَتِ الْوُجُوْهُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ — کہ اُس سے ان کو آڑ میں کر دیا
پس وہ دیکھ نہیں سکتے بگڑ جائیں
مونہہ بگڑ جائیں مونہہ بگڑ جائیں مونہہ

(یہ کلمہ تین بار لکھا گیا ہر بار میں یہاں دل میں اپنے دشمنوں کا خیال رکھے کہ تباہ ہو جائیں اور الٹا ہاتھ زمین پر مارے ہر بار میں کے)

(جیسا قیامت کے بارہ میں ہے)

وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ — اور جھک جائیں گے مونہہ (خدائے
وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ٥ — حی قیوم کے سامنے اور خسارہ میں
طٰسٓ طٰسٓمٓ حٰمٓعٓسٓقٓ — پڑا وہ جس نے گناہ کا بار اُٹھایا

طس طسم حمعسق

ل قراءۃ امام شاذلی قدس سرہ بالضم ہے ۱۲ منہ

مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ ۙ	ملایا دو دریاؤں کو ایک ساتھ بہتے ہیں
بَیْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ ۚ	اور بیچ میں ان کے ایک پردہ ہے
	کہ اپنی حد سے تجاوز نہیں کر سکتے
حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ	حم حم حم حم حم حم حم

یہ کلمہ سات بار پڑھا جاتا ہے اس لئے سات جگہ لکھا گیا پہلی بار پڑھ کر داہنی طرف پھونک مارے اور دوسری بار پڑھ کر بائیں طرف اور تیسری بار پڑھ کر سامنے اور چوتھی بار پڑھ کر پیچھے اور پانچویں بار پڑھ کر اوپر اور چھٹی بار پڑھ کر نیچے اور ساتویں بار پڑھ کر دونوں ہاتھ پر اندر کی طرف دم کر کے تمام بدن پر ملے۔

حُمَّ الْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ	گرم ہوا کام اور آگئی مدد پس وہ
فَعَلَیْنَا لَا یُنْصَرُوْنَ ۝ حٰمٓ تَنْزِیْلُ	ہم پر فتح نہیں پا سکتے۔ حم اس
الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۙ	کتاب کا اوتارنا اللہ کی طرف سے
	ہے جو غالب ہے اور دانا ہے
غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ	گناہ کا بخشنے والا اور توبہ کا قبول
شَدِیْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ ؕ	کرنے والا سخت عذاب والا بڑے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ	اختیار والا۔ کوئی معبود اس کے سوا
	نہیں اسی کی طرف لوٹنا ہے۔ بسم اللہ

بَابُنَا تَبَارَكَ حِيطَانُنَا يٰسٓ	ہمارا دروازہ ہے تبارک الذی ہماری
سَقْفُنَا كٓهٰيٰعٓصٓ	چہار دیواری ہے یٰس ہماری چھت ہے۔ کہیعص

یہاں داہنے ہاتھ کی انگلیاں بند کرے۔ چھنگلیا سے شروع کرے انگوٹھے پر ختم کرے۔ اول حرف پڑھنے میں چھنگلیا بند کرے دوسرے پر اسکے پاس والی تیسرے پر درمیانی چوتھے پر انگشت شہادت۔ پانچویں پر انگوٹھا ہر حرف کے پڑھنے کے ساتھ ہی انگلی بند کرے۔

كِفَايَتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ	ہم کو کافی ہے حمعسق

(یہاں انگلیاں کھولے ہر حرف کے ساتھ اسی ترتیب سے کہ جس طرح بند کی تھیں)

حِمَايَتُنَا فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ	ہماری پناہ ہے بس اللہ تجھ کو ان
وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ	کے مقابلہ میں کافی ہو جاویگا اور
سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُولٌ عَلَيْنَا	وہ سنتا جانتا ہے عرش کا پردہ
وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ إِلَيْنَا	ہمارے اوپر چھوٹا ہوا ہے اور
	حق تعالیٰ کی نظر ہماری طرف متوجہ ہے

لہ ستر العرش سے لایقدر علینا تک، بار پڑھا جاتا ہے۔ اس لئے سات جگہ سہولت کے لئے لکھ دیا ہے ۱۲ منہ

بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا
٢ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا
وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا
بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا
٣ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا
وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا
بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا
٤ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا
وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا
بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا
٥ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا
وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا
بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا

خدا تعالیٰ کی مدد سے کوئی ہم پر
قابو نہ پائے گا۔ عرش کا پردہ ہمارے
اوپر چھوٹا ہوا ہے اور حق تعالیٰ
کی نظر ہماری طرف متوجہ ہے
خدا تعالیٰ کی مدد سے کوئی ہم پر قابو
نہ پائے گا۔ عرش کا پردہ ہمارے
اوپر چھوٹا ہوا ہے اور خدا تعالےٰ
کی نظر ہماری طرف متوجہ ہے
حق تعالیٰ کی مدد سے کوئی ہم پر قابو
نہ پائے گا۔ عرش کا پردہ ہمارے
اوپر چھوٹا ہوا ہے اور حق تعالےٰ
کی نظر ہماری طرف متوجہ ہے
حق تعالیٰ کی مدد سے کوئی ہم پر قابو
نہ پائیگا۔ عرش کا پردہ ہمارے اوپر
چھوٹا ہوا ہے اور حق تعالیٰ کی نظر
ہماری طرف متوجہ ہے حق تعالیٰ کی
مدد سے کوئی ہم پر قابو نہ پائے گا۔

سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا
وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا
بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا
سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا
وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا
بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا ؕ
وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ؕ بَلْ
هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ
فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ
اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاللّٰهُ خَيْرٌ
حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝[1]

عرش کا پردہ ہمارے اوپر چھوٹا ہوا
ہے اور حق تعالیٰ کی نظر ہماری
طرف متوجہ ہے حق تعالیٰ کی مدد
سے کوئی ہم پر قابو نہ پائے گا۔
عرش کا پردہ ہمارے اوپر چھوٹا ہوا
ہے اور حق تعالےٰ کی نظر ہماری
طرف متوجہ ہے حق تعالےٰ کی
مدد سے کوئی ہم پر قابو نہ پائیگا۔
اور اللہ اُن کو ہر طرف سے گھیرے
ہوئے ہے۔ بلکہ یہ کتاب قرآن مجید
ہے لوح محفوظ میں۔ پس اللہ ہی
اچھا نگہبان ہے اور وہ سب سے
زیادہ رحم کرنے والا ہے پس اللہ ہی
اچھا نگہبان ہے اور وہ سب
سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

[1] یہ آیت فاللہ سے ارحم الراحمین تک تین بار پڑھی جاتی ہے اس لئے تین جگہ لکھی گئی ۱۲ منہ

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ
اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۞ اِنَّ وَلِيِّ
اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ
وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۞ اِنَّ
وَلِيِّ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ
الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۞
اِنَّ وَلِيِّ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ
الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۞
حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۞
عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ
الْعَظِيْمِ ۞ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۞

پس اللہ ہی اچھا نگہبان ہے اور
سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے
بیشک میرا مددگار اللہ ہے جس نے
اوتاری کتاب اور وہی مددگار
ہوتا ہے نیکوں کا۔ بیشک میرا
مددگار اللہ ہے جس نے اوتاری
کتاب اور وہی مددگار ہوتا ہے
نیکوں کا۔ بیشک میرا مددگار اللہ
... ہے جس نے اوتاری کتاب
اور وہی مددگار ہوتا ہے نیکوں کا
کافی ہے مجھکو اللہ نہیں ہے کوئی معبود
سوا اُسکے اسی پر بھروسہ کیا میں نے
اور وہی پروردگار عرش عظیم کا ہے کافی ہے
مجھکو اللہ نہیں ہے کوئی معبود سوا اسکے اسی
پر بھروسہ کیا میں نے اور وہی پروردگار
ہے عرش عظیم کا۔

لہ یہ آیت بھی تین بار پڑھی جاتی ہے اسلئے تین جگہ لکھ دی گئی ۱۲
٢ه یہ آیت بھی سات بار پڑھی جاتی ہے اسلئے سات جگہ لکھ دی گئی ۱۲

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط
عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ
الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ حَسْبِیَ اللّٰہُ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ
وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ
حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط
عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ
الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ حَسْبِیَ اللّٰہُ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ
وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ
حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ
عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ
الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

کافی ہے مجھ کو اللہ نہیں ہے کوئی
معبود سوائے اس کے اسی پر بھروسہ
کیا میں نے اور وہی پروردگار ہے
عرش عظیم کا۔ کافی ہے مجھ کو اللہ نہیں
ہے کوئی معبود سوائے اسکے اسی پر
بھروسہ کیا میں نے اور وہی پروردگار
ہے عرش عظیم کا۔ کافی ہے مجھ کو اللہ
نہیں ہے کوئی معبود سوائے اسکے اسی
پر بھروسہ کیا میں نے اور وہی پروردگار
ہے عرش عظیم کا۔ کافی ہے مجھ کو اللہ
نہیں ہے کوئی معبود سوائے اسکے اسی
پر بھروسہ کیا میں نے اور وہی پروردگار
ہے عرش عظیم کا۔ کافی ہے مجھ کو
اللہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے
اس کے اسی پر بھروسہ کیا میں
نے اور وہی پروردگار ہے عرش
عظیم کا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ
اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا
فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ
اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا
فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ
اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا
فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا
قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

اُس خدا کے نام سے جس کے نام
کے ساتھ کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی
زمین میں نہ آسمان میں اور وہی
سننے والا جاننے والا ہے۔ اُس
خدا کے نام سے جس کے نام کے
ساتھ کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی
زمین میں نہ آسمان میں اور
وہی سننے اور جاننے والا ہے۔
اُس خدا کے نام سے جس کے نام
کے ساتھ کوئی چیز نقصان نہیں
پہنچاتی زمین میں نہ آسمان میں اور
وہی سننے والا جاننے والا ہے۔
اور نہیں ہے قوت اور نہ طاقت
مگر ساتھ اللہ برتر و بزرگ کے۔
اور نہیں ہے قوت اور نہ طاقت
مگر ساتھ اللہ برتر و بزرگ کے

لہ یہ دعا تین بار پڑھی جاتی ہے اس لئے تین جگہ لکھ دی گئی ۱۲ منہ

وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ	اور نہیں ہے قوت اور نہ طاقت
الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی	مگر ساتھ اللہ برتر و بزرگ کے
اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ	اور رحمت کاملہ نازل فرمائے
وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ	حق تعالیٰ اپنی بہترین مخلوق محمد
بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ	صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، پر اور آپ
	کی آل واصحاب پر اپنی رحمت سے
	اے ارحم الراحمین

تصدیق

بعد الحمد والصلوٰۃ احقر نے اس نسخہ حزب البحر مرتبہ محبی مولوی سید احمد حسن صاحب سنبھلی سلمہ اللہ تعالیٰ کو متناً وحاشیۃً وتمہیداً وفائدۃً سب حرفاً حرفاً دیکھا۔ یہ اسی کے موافق ہے جو مجھ کو حضرت مرشدی علیہ الرحمۃ سے اجازت ملی ہے۔ اس ترتیب خاص سے شائقین کو بہت سہولت ہو گئی ناظرین منتفع ہو کر ہم سب کے لئے بھی دعا کریں والسلام

اشرف علی عفی عنہ ۱۳ صفر ۱۳۳۲ھ ہجری

بعض معمولات مختصرہ علاوہ فرائض و واجبات و سنن از ارشاد مرشد

(نماز) تہجد اشراق چاشت صلوٰۃ الاوابین چار رکعت قبل عصر صلوٰۃ التسبیح روزہ جمعہ چار رکعت قبل عشا (روزہ) ایام بیض پیر جمعرات ششش عید روز اول ذی الحجہ عاشورا شب برات (وظائف) تلاوت قرآن مجید جس قدر ہو سکے (صبح) الحمد ۴۱ بار یٰسین ایک بار استغفار سو بار کلمہ طیب سو بار، درود شریف سو بار (ظہر) کلمہ طیب سو بار درود شریف سو بار، سورہ انا فتحنا ایک بار، منزل دلائل الخیرات ایک بار، اللہ الصمد پانچ سو بار (عصر) عم یتساءلون ایک بار، آیۃ کریمہ سو بار (مغرب) سورہ واقعہ ایک بار، کلمہ طیب سو بار، درود شریف سو بار (عشا) سورہ سجدہ و ملک ایک بار، کلمہ طیب سو بار، درود شریف سو بار۔ فقط

بعض نصائح ضروری از ضیاء القلوب

اول مسائل ضروری و عقائد اہل سنت و جماعت حاصل کرے پھر ان رذائل کو دور کرے۔ حرص۔ غصہ۔ جھوٹ۔ غیبت۔ بخل۔ حسد۔ ریا۔ تکبر۔ کینہ اور یہ اخلاق پیدا کرے۔ صبر و شکر۔ قناعت۔ توکل۔ رضا۔ شرع کا پابند رہے اگر گناہ ہو جائے جلدی توبہ کرے۔ نماز جماعت

کا پابند رہے۔ کسی وقت یادِ الٰہی سے غافل نہ ہو۔ خلاف شرع فقرا سے بچے اپنے کو سب سے کمتر جانے۔ بات نرمی سے کرے۔ سکوت و خلوت کو محبوب رکھے۔ نہ اتنا کھائے کہ کسل ہو اور نہ اتنا کم کہ عبادت سے ضعف ہو جاوے۔ فقر و فاقہ سے تنگدل نہ ہو۔ اپنے لوگوں سے نرمی برتے اُن کی خطا و قصور سے درگذر کرے کسی کی غیبت و عیب جوئی نہ کرے عیب پوشی کرے۔ اپنے عیوب پیش نظر رکھے۔ کم ہنسے زیادہ روئے۔ عذابِ الٰہی سے اور اُس کی بے نیازی سے لرزاں رہے۔ موت کا ہر وقت خیال رکھے۔ روزانہ اپنے اعمال کا محاسبہ کرتا رہے۔ غیر مشروع مجلس میں نہ جاوے۔ رسوم جہل سے بچے۔ ان اعمال پر مغرور نہ ہو اولیاء کے مزارات سے مستفید ہوتا رہے گاہ گاہ عوام المسلمین کی قبور پر جا کر ایصال ثواب کرے۔ غرباء و مساکین و علماء و صلحاء کی صحبت رکھے۔ مرشد کا ادب و فرمان کامل طور پر بجالائے اور ہمیشہ استقامت کی دعا کرتا رہے۔ والسلام

راقم

محمد اشرف علی غفرلہ تھانہ بھون ضلع مظفر نگر

ہمارے ہاں سے

آپ کو تاج کمپنی۔ پیکو۔ انجمن حمایت اسلام فیروز سنز
و دیگر اداروں کے ہر قسم کے مترجم و معرا قرآن مجید اور
حمائلیں۔ ترجمان القرآن۔ علامہ عبداللہ یوسف علی
علامہ پکھتال۔ مولوی محمد علی کے انگریزی قرآن مجید صرف
ایک ورق پر چھپا ہوا قرآن مجید۔ پنجسورے۔ یازدہ سورے
نمازیں۔ درود شریف۔ اسلامی شعور و اخلاق اور
جذبۂ قربانی پیدا کرنے والی بچوں کی کتابیں۔ قرآنی
اسلامی۔ ادبی لٹریچر اور سٹیشنری وغیرہ بکفایت مل سکتی ہے

ملنے کا پتہ — ناظم دار القرآن۔ حسین آگاہی ملتان شہر

(کو اپریٹو کیپٹل پرنٹنگ پریس لاہور میں چھپا)